Lt. Gen (Retd.) Abdul Qadir Baloch: The requisite information is being collected from the line departments of FATA, and will be provided on next rota day sitting.

*Question No. 66. Senator Nuzhat Sadiq: Will the Minister for Information and Broadcasting be pleased to

state that whether there is any mechanism wherein the Government TV channels broadcast, corrections or apologies on their respective channels, in case their reports, status are proved false, if so, the details thereof and if not is there any proposal under consideration to formulate such mechanism?

Ms. Marriyum Aurangzeb:

Pakistan Television Corporation (PTVC):

To maintain free flow of credible and authentic information, an effective check and control mechanism has already been put in place to block, dissemination of unconfirmed, unauthentic and speculative information on PTV News.

To ensure more transparency, Editorial boards have been established for Current Affairs Programmes and News with a view to check any shade of information that breeds, suspicion, uncertainty and chaos. Therefore, there is almost no discrepancy in the reported facts and news events itself on PTV News.

Being a leading institution in national Broadcast media PTV news is a forerunner and a herald in the development of free but responsible media. Its check and control mechanism include offices of the Controller Current Affairs (CCA), Dy. Controller, Current Affairs (DCCA), Head of Current Affairs (HCA) and Editorial Board.

Shalimar Recording & Broadcasting Company Limited (SRBC):

SRBC/A-TV has a mechanism in place where all sensitive news are checked and confirmed before airing to ensure authenticity without getting into the race of breaking unconfirmed news. The news bulletin is aired once at the top of the hour, therefore, it has plenty of time to confirm news before airing. Moreover, it follows the electronic media Code of Conduct -2015.

(اس موقع پر جناب چیئرمین (میاں رضا ربانی) کرسئ صدارت پر متمکن ہوئے)

جناب چیئرمین: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ Leave applications.

Leave of Absence

جناب چیئرمین: سینیٹر عثمان سیف اللہ خان نے ملک سے باہر ہونے کی بنا پر مورخہ 10تا14 جنوری کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا ایوان ان کی رخصت منظور فرماتا ہے؟

(رخصت منظور کی گئ)

جناب چیئرمین: سینیٹر الیاس احمد بلور نے بعض نجی مصروفیات کی بنا پر مورخہ 12 اور 13 جنوری کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا ایوان ان کی رخصت منظور فرماتا ہے؟

(رخصت منظور کی گئ)

جناب چیئرمین: سینیٹر مختیار احمد دھامرہ نے بعض نجی مصروفیات کی بنا پر مورخہ 11 تا 13 جنوری کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا ایوان ان کی رخصت منظور فرماتا ہے؟

(رخصت منظور کی گئ)

Mr. Chairman: We now move on to Order No. 3. Order No. 3 are adjournment motions. The first adjournment motion stands in the name of Senator Muhammad Ateeq Shaikh.

Admissibility of Adj. Motion No. 1 (2-258/2017-M) moved by Senator Muhammad Ateeq Shaikh regarding regulatory bodies

Senator Mian Muhammad Ateeq Shaikh: I will request the House to discuss the implications of the transfer of the administrative control of five regulatory bodies to their line ministries.

جناب چیئرمین: شیخ صاحب میں شروع ہی میں کہہ رہا ہوں کہ this will not be admissible کیونکہ اس پر 20 دسمبر کو 2016 سیر حاصل بحث ہوئی ہے جس میں سینیٹر اعتزاز احسن صاحب، سحر کامران صاحبہ، اعظم سواتی صاحب اور something like 16 Senators have spoken. The Law Minister has spoken and I have reserved my ruling on this issue. So this is not admissible.

We now move on to adjournment motion (ii) which stands in the name of Senator Maulana Hafiz Hamdullah. Senator Maulana Hafiz Hamdullah is not present, the adjournment motion is dropped. We now move on to adjournment motion No. (iii) which stands in the name of Senators Mohammad Azam Khan Swati, Mushahid Hussain Syed and Mohsin Aziz. Who will move it on their behalf. Swati Sahib.

Admissibility of Adj. Motion No. 3 (8,9 and 10-258/2017-M) moved by Senator Mohammad Azam Khan Swati regarding adulteration in milk

Senator Mohammad Azam Khan Swati: Mr. Chairman I beg to move that the leave be granted to discuss the issue of adulteration of different chemicals in the packed milk available in the country, specially the chemical used to preserve the dead bodies.

جناب چیئرمین: آپ بات کریں۔

سینیٹر محمد اعظم خان سواتی: جناب! بنیادی طور پر 87 کی جتنی بھی۔۔۔

I can go on and on but I don't know how much time you have, a, b, c, d, up till m. It qualifies because this is a current issue. Mr. Chairman, even the Supreme Court has spoken. It is high handedness of the Government, basically all the related departments of the government have been failed to check such serious…

Mr. Chairman: How is it related to the Federal Government?

Senator Mohammad Azam Khan Swati: It does Mr. Chairman

کیونکہ PCSIR کی reports ہیں، سپریم کورٹ نے اس پر باقاعدہ طور پر ruling دی ہے۔ موجودہ چیف جسٹس صاحب۔۔۔

Mr. Chairman: I am not driven by what the Supreme Court has done, kindly satisfy me how this is related to the Federal Government?

Senator Mohammad Azam Khan Swati: It relates with the health of people.

Mr. Chairman: No, no it relates with the health of the people yes, but right now it is with the Provinces. How is the Federal Government with the exception of the capital area involved in this?

Senator Mohammad Azam Khan Swati: Sir, we have a health Ministry at the present time that regulates at the same time (PSQC) Pakistan Standard Quality Control.

Mr. Chairman: I don't recognize that the Health Ministry if there is a Health Ministry because under the 18th Amendment it has been devolved.

Senator Mohammad Azam Khan Swati: Mr. Chairman, Pakistan Standard Quality Control, that is a department under Science and Technology that looks after the standard and the quality of the product that has been produced and it is almost health hazard.

جناب چیئرمین: آپ اس پر 218 کے تحت motion لے آئیں، I know it's important but I can't bring it within the purview of the Federal Government like that. آپ اس پر 218 کا motion لے آئیں and I will allow discussion on it under Rule 218, not under an adjournment motion.

سینیٹر محمد اعظم خان سواتی: تو پھر جتنے بھی movers ہیں، ان سب کو اجازت دیں کہ وہ club کر لیں۔

جناب چیئرمین: آپ club کر کے 218 کا motion دے دیجئیے۔

سینیٹر محمد اعظم خان سواتی: ٹھیک ہے۔

Presentation of Report of the Standing Committee on Finance regarding the Benami Transactions (Prohibition) Bill, 2016

Mr. Chairman: Thank you. Now we move on to Order No. 4. Order No. 4 stands in the name of Senator Saleem Mandviwala.

Senator Saleem Mandviwala: I, Chairman, Standing Committee on Finance, Revenue, Economic Affairs, Statistics and Privatization, present report of the Committee on the Bill to provide for prohibition of holding property in benami [The Benami Transactions (Prohibition) Bill, 2016].

Mr. Chairman: The report stands laid. Now we move on to Order No. 5. Order No. 5 stands in the name of Senator Abdul Rehman Malik, Chairman Standing

Committee on Interior and Narcotics Control, may move Order No. 5.

Motion Under Rule 194(1) moved by Senator Abdul Rehman Malik, Chairman, Standing Committee on Interior and Narcotics Control for extension of time in Presentation of Report

Senator Abdul Rehman Malik: I, Chairman, Standing Committee on Interior and Narcotics Control move under sub-Rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the period for presentation of report of the Committee on the Bill to make provisions for prohibition of corporal punishment against children [The Prohibition of Corporal Punishment Bill, 2016] introduced by Senator Saleem Mandviwala, on 29th February, 2016, may be extended for a further period of thirty working days with effect from 11th January, 2017. Mr. Chairman, Can I say a few words.

Mr. Chairman, this is a very important bill and we held five meetings and we needed extensive discussions including the various departments and the Provincial Governments. I am happy to report you that the Sub-Committee which actually constituted for it they have already cleared the bill today, since at the 11th January, 2017 we decided to take a few days extension for that, we can represent the report within a week or 10 days' time.

Mr. Chairman: But the Standing Committee has approved it, then you….

Senator Abdul Rehman Malik: I need to give clarification; it is Sub- Committee.

Mr. Chairman: Sub-Committee has approved it and now the only the main Committee has to approve it.

Senator Abdul Rehman Malik: Exactly sir.

Mr. Chairman: So then why do you need thirty days?

Senator Abdul Rehman Malik: I think the Session might be concluding on 12th January.

Mr. Chairman: No, no the Session is concluding on 20th January. Why don't you bring the report within the Session.

Senator Abdul Rehman Malik: O.k then I withdraw that and will bring the report in the same Session.

جناب چیئرمین: آپ اس کو seven days یا ten days کر دیں۔

Senator Abdul Rehman Malik: I think let's make it 14 days, if you agree with seven day, I have no objection for that.

Mr. Chairman: Alright 14 days.

Senator Abdul Rehman Malik: Thank you Mr. Chairman.

Mr. Chairman: It has been moved under sub-Rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the period for presentation of report of the Committee on the Bill to make provisions for prohibition of corporal punishment against children [The Prohibition of Corporal Punishment Bill, 2016] introduced by Senator Saleem Mandviwala, on 29th February, 2016, may be extended for a further period of fourteen working days with effect from 11th January, 2017.

(The motion was carried)

Mr. Chairman: Before we go on the Calling Attention Notice because that will take some time. Minister for Defence is here, I am thankful and the Advisor on Foreign Affairs is also here as usual, I am grateful to him. Yes, Minister for Defence.

Statement by the Minister for Defence Khawaja Muhammad Asif regarding NOC to Former Army Chief

Khawaja Muhammad Asif (Minister for Defence): Thank you. Mr. Chairman, I have a brief statement to make here. With reference to recent report in certain sections of Electronic Media, regarding acceptance of any position, by the former Chief of Army Staff General Raheel Sharif in Saudi Arabia. So far no formal request for grant of NOC has been received from the former Chief of Army Staff. If any such request is received, decision will be taken by the Government in accordance with applicable laws and rules.

جناب!اس میں جو relevant rules ہیں

As per existing rules NOC is required from Ministry of Defence.

جناب چیئرمین: خواجہ صاحب!آپ کون سے rule سے پڑھ رہے ہیں؟

Khawaja Muhammad Asif: Sir, Ministry of Defence. NOC is required from Ministry of Defence for re-employment in Government department in terms of SL No. 231-A Esta Code, Ministry of Defence letter dated 26th February, 1998.

جناب rules بھی ہیں اور ایک circular and letter بھی Ministry of Defence نے issue کیا تھا۔

Sir, with your permission I read the relevant part.

Let me explain کہ یہ rules actually retired Army Officers کی کسی

دوسری جگہ within the government appointmentکے لیے بنائے گئے تھے،like Ambassadorsیا کسی کارپوریشن کا head, Advisor or Consultantکے طور پر کام کر سکتا ہے۔اس لیٹر کا پیرا2 ہے:

> "Ministries/Divisions/Provincial Governments are requested to obtain recommendations/views of the Ministry of Defence before appointing any retired Army Officer in the Civil".

شاید اس وقت foreseeنہیں کیا گیا تھا کہ foreign countriesمیں بھی جا کر employment seekکریں گے لیکنthis is my assumptionکہ اگر ان کو یہاں پرMinistry of Defenceسےpermissionکی ضرورت ہے تو باہر جانے کے لیے بھی ان کو definitely Ministry of Defenceکی clearance and NOCکی ضرورت ہو گی۔ابھی تک جنرل راحیل نے منسٹری کو قطعی طور پر approachنہیں کیا کہ وہ کوئی NOCلینا چاہ رہے ہیں یا کوئی clearanceلیناچاہ رہے ہیں، as an when it is applied or the Ministry of Defence is approached. جنابچیئرمین!جیسے آپ حکم کریں گے I will be ready to report to you.

جناب چیئرمین: خواجہ صاحب!اگر آپ دو تین باتیں بتا سکیں یا پھر آپ کل بتا دیجئیے گا۔جنرل راحیل شریف نے منسٹری سے تو permissionنہیں مانگی لیکن کیا انہوں نے اپنے parent departmentسے یعنی آرمیpermission seekکی ہے؟

خواجہ محمد آصف: نہیں جناب Let me explain, he went for Umrah over there basically, the invitation of Kingdom of Saudi Arabiaاور جو اس agendaپر یا اس purposeکے لیے جو اس وقت میڈیا میں کہا جا رہا ہے،وہ اس کے لیے نہیں گئے تھے۔ عمرے کے جانے کے لیے he informed that I am going out for Umrah اور وہ عمرے سے ترسوں شام کو واپس آئے ہیں۔انہوں نے واپس آ کر بھی GHQکو اور Ministry of Defenceکو approachنہیں کیا کہ مجھے کوئی

offer ہے یا میں کسی offer کے against آپ سے permission مانگ رہا ہوں، اس قسم کی کوئی بات نہیں ہوئی۔

جناب چیئرمین: ابھی جو آپ نے قوانین پڑھے ہیں اور جیسے آپ نے خود بھی کہا ہے کہ یہ basically internal situation کے لیے deal کر رہے ہیں۔ کیا آپ اب اس بات کو اپنی منسٹری میں زیر غور لائیں گے کہ rules کو amend کیا جائے گا؟

خواجہ محمد آصف: جناب! Rules کو amend بھی کیا جائے گا اور in case کوئی ایسی request آئی تو اسی background میں اس request کو exempt کیا جائے گا۔

جناب چیئرمین: میں ہاؤس کی جانب سے آپ سے یہ بھی گزارش کروں گا کہ as and when اور اگر کوئی ایسی request آئے اور ہاؤس سیشن میں ہو یا اس کے بعد سیشن میں آئے تو اگر آپ ہاؤس کو مطلع کر سکیں۔

خواجہ محمد آصف: جناب! جیسے آپ کا حکم ہو۔

جناب چیئرمین: آپ کی بڑی مہربانی۔ جی مشیر برائے خارجہ امور۔

Mr. Sartaj Aziz, Advisor to PM on Foreign Affairs

جناب سرتاج عزیز (مشیر برائے خارجہ امور): جناب چیئرمین! ابھی تک نہ کوئی offer ہے، نہ کوئی possibility ہے تو اس کے کوئی foreign policy implications بنتے نہیں ہیں، اگر ایسی situation develop ہوئی then we will be able to make a statement.

Mr. Chairman: So, you are not making statement on this issue for the moment.

Mr. Sartaj Aziz: Yes.

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے۔ جی بابر صاحب۔

Senator Farhatullah Babar

سینیٹر فرحت اللہ بابر: جناب چیئرمین! آپ کا شکریہ۔ جناب فاضل وزیر دفاع صاحب اور جناب مشیر برائے خارجہ امور صاحب نے بات کی ہے۔ مجھے اس پر تھوڑی سی تشویش ہے اور وہ یہ ہے کہ فاضل وزیر صاحب نے کہا کہ جب ان کی طرف سے ہمارے پاس کوئی indication آئے گی تو پھر ہم فیصلہ کریں گے۔ فاضل وزیر صاحب سے ایک گزارش یہ ہے کہ اگر یہ position وہاں

acceptکرتے ہیں تو اس کے مضمرات پاکستان کی خارجہ پالیسی پر بھی ہوں گے، اس کی وجہ یہ ہے کہ Joint Session of the Parliamentمیں واضح طور پر اس coalitionمیں شمولیت سے انکار کیا تھا۔ منتخب حکومت نے Joint Session of the Parliamentکی بات مانتے ہوئے، coalitionمیں کسی بھی طریقے سے شمولیت سے انکار کیا۔ فاضل وزیر صاحب کو اس ایوان کو یہ یقین دہانی کرانی چاہیے کہ جو Joint Session of the Parliamentمیں فیصلہ ہوا تو اس کی روح کے مطابق حکومت کا یہ فیصلہ ہے کہ اس کی اجازت نہیں دے گی. that has been a categorical statement

Mr. Chairman: For a situation that does not exist Babar Sahib, I don't think that he requires to make a categorical statement, the position of the Joint Sitting is very much there until and unless the Joint Sitting alters that decision so, that decision is there.

سینیٹر فرحت اللہ بابر: جناب چیئرمین! آپ نے بالکل درست فرمایا ہے لیکن میں یہ مضمرات ان کے سامنے اس لیے رکھ رہا ہوں کہ اس کے دور رس نتائج نکلیں گے۔ خدانخواستہ کل کو اگر وہاں پر یہ appointmentہو گئی اور انہوں نے کر دی تو میں آپ کو یہ بتا دوں کہ یہ جو موجودہ coalitionہے، یہ بظاہر against the war on terrorہے لیکن اس میں جن چار ممالک کو excludeکیا گیا ہے، وہ اہل تشیع ممالک کو کیا گیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اس coalitionکو fight against militancyقرار نہیں دیا جا رہا بلکہ اس کو sectarianقرار دیا جا رہا ہے، خدانخواستہ اگر کل کو ایران ایسا کوئی تین چار ممالک کا coalitionبنائے اور پاکستان سے کوئی 3 Stars General retireہو جو ان کے لیے منظور ہو تو جناب چیئرمین! اس کے انتہائی دور رس نتائج ہوں گے۔ میری ان سے گزارش ہے کہ اس کے مضمرات کو دیکھ لیں اور میں ان کی وساطت سے جنرل صاحب سے بھی گزارش کروں گا کہ انہوں نے بڑا نام کمایا ہے اور ان کی بڑی عزت ہے، وہ اس کام میں ہرگز نہ پڑیں ورنہ پھر یہاں پر لوگ یہ کہیں گے کہ اپنی retirementسے 10مہینے پہلے اعلان کرنا کہ میں retireہو رہا ہوں، کوئی پیغام تھا۔ یہاں پر پھر لوگ یہ کہیں گے۔۔۔

جناب چیئرمین: چلیں بابر صاحب! آپ کا شکریہ۔ سینیٹر محمد اعظم خان سواتی صاحب! آپ اس issue پر بات کرنا چاہتے ہیں؟

I just want to know actually?

Senator Mohammad Azam Khan Swati: Yes, exactly.

Mr. Chairman: Yes. Swati Sahib.

سینیٹر محمد اعظم خان سواتی: میں نے جس وقت سنا میں نے فوری طور پر adjournment motion باہر سے بھیجا تھا۔ بنیادی طور پر خواجہ صاحب نے حکومت کی طرف سے یہ clear کر دیا ہے اور مشیر برائے خارجہ امور نے بھی clear کر دیا ہے، ہمیں اطمینان ہو گیا ہے۔ اس کے جو precautions ہیں، اس کے جو consequences ہیں، اس پر حکومت کو بھی دیکھنا چاہیے، بات پھر وہی دہرا رہے ہیں۔ آپ کی وہاں سے ruling بھی ہے کہ جب Joint Session میں ایک پورا consensus build ہونے کے بعد یہ بات ملک اور قوم کی بہتری کے لیے آ چکی ہے۔ میرا یہ خیال ہے کہ یہ جنرل راحیل شریف صاحب کے لیے بھی بہتر نہیں ہو گا کیونکہ انہوں عدت کا وقت پورا نہیں کیا اور یہ حکومت کے لیے بھی بہتر نہیں ہو گا، اگر کم از کم bureaucrats دوسروں اور خاص کر Parliamentarians پر ایک وقت کی قید مقرر ہے۔ پاکستان ایک nuclear ملک ہے، میں سمجھتا ہوں کہ ان کو بڑی احتیاط سے آگے بڑھنا چاہیے۔

جناب چیئرمین: آپ کا شکریہ۔ الیاس بلور صاحب! آپ نے اس issue پر بات کرنی ہے؟

سینیٹر الیاس احمد بلور: مجھے اس پر بات کرنی ہے۔

جناب چیئرمین: چلیں پھر آپ جلدی سے بات کر لیں۔

Senator Ilyas Ahmad Bilour

سینیٹر الیاس احمد بلور: جناب! قابل احترام وزیر صاحب نے جو فرمایا ہے، میں ان کی عزت کرتا ہوں، سرتاج عزیز صاحب نے جو فرمایا ہے، وہ بھی ٹھیک ہے۔ جناب! میں آپ کی وساطت سے اس ایوان اور پاکستان کے عوام سے ایک تھوڑی سی گزارش کرنا چاہتا ہوں، اگر خدانخواستہ ایسا ہوا اور انہوں نے اجازت مانگی اور انہوں نے وہاں پر job لے لی تو جناب! یہ پاکستان شام بن جائے گا۔۔۔

جناب چیئرمین: چلیں وہ hypothetical situation ہے، ابھی تو that decision is not there.

سینیٹر الیاس احمد بلور: جو news میں آ رہا ہے جو T.V پر آ رہا ہے، وہ یہ آ رہا ہے کہ انہوں نے دو شرائط رکھی ہیں، ایران کو شامل کرو، یہ کرو لیکن اس میں سے چار ممالک excluded ہیں، عراق، شام اور یمن ہیں۔ پاکستانی حکومت کی یمن پر جو پالیسی تھی جو Joint Session میں بھی ہوئی تھی، وہ بڑی اچھی پالیسی تھی۔۔۔

جناب چیئرمین: میں دوبارہ کہہ رہا ہوں کہ

why are you making the Joint Session decision disputable that is a decision, that has been taken and only the Joint Session can undo it. So, that is the last word.

سینیٹر الیاس احمد بلور: وہ Joint Session ہی کرے گا لیکن مقصد یہ ہے کہ اس کے لیے بڑی زیادہ implications ہیں۔۔۔

Mr. Chairman: We will have a full-fledged debate if and when the situation arises, O.K. Mohsin Aziz Sahib, on this very issue, yes.

Senator Mohsin Aziz

سینیٹر محسن عزیز: میرا خیال ہے کہ میں جو بات کہنا چاہ رہا تھا، آپ نے وہ کہہ ہی دی ہے۔ ہم جنرل راحیل کے متعلق بات کر رہے ہیں، میں سمجھتا ہوں کہ انہوں نے صرف institution کو بلکہ پاکستان کو ایک بڑا famel دیا ہے، ایک بڑی reputation دی ہے اور ایک سمت دی ہے، میرا خیال ہے کہ ہم اس سمت سے غافل تھے۔ انہوں war on terror پر بڑی اچھی خدمات دی ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہم اس کو pre-empt کر رہے ہیں، انہوں نے نہ extension مانگی ہے اور انہوں نے نہ خواہش ظاہر کی ہے۔ اس کے بعد یہ بات ہے کہ یہ جو سلسلہ ہے، اس کی ابھی تک فوج بنی ہی نہیں ہے اور اس کے TOR نہیں بنے، یہ سب hearsay ہے، ہم جس پر بات کر رہے ہیں۔ میرا خیال ہے کہ وہ اتنے اچھے پاکستانی ہیں کہ وہ ہم سب کی طرح پاکستان کا ضرور سوچیں گے اور جب یہ واقعات سامنے آئیں گے جب TOR بنیں گے کہ وہ اس چیز کا ضرور خیال رکھیں گے۔ میں سمجھتا ہوں کہ جب یہ واقعات سامنے آئے تو ہم اس وقت اس کو threadbare discuss کریں۔ جناب! آپ کا شکریہ۔

Mr. Chairman: General Sahib, you are not concerned with this, the two concerned Ministers have spoken.

آپ بات کرنا چاہتے ہیں تو کر لیں۔

Senator Lt. Gen. (Retd.) Abdul Qadir Baloch

لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) عبدالقادر بلوچ (وزیر برائے سیفران): جناب چیئرمین! آپ کا شکریہ۔ میرے خیال میں آپ نے خود جواب دے دیا ہے، نہ causeہے، نہ factہے، نہ کوئی statementسعودی حکومت کی طرف سے اس سے متعلق آئی ہے، نہ حکومت پاکستان کی طرف سے آئی ہے، نہ individualکی طرف آئی ہے۔ Assumptions کی بنیاد پر discussionکرنا اور بات کو چلانا، عجیب سی بات ہے۔۔۔

Mr. Chairman: I think, I know how to run the House and on what assumptions and not assumptions I should take notice. There was sufficient cause for this House to take notice when notice was taken and the relevant Ministers were called, they have come and given reply. So, I don't think, I need to be told that there is cause or there was no cause.

سینیٹر تاج صاحب! ایک منٹ ٹھہر جائیں۔Senator Williamsصاحب کاmikeکھولیں۔

Senator Brig. (R) John Kenneth Williams

Senator Brig. (R) John Kenneth Williams: Sir, one is the legal aspects and I am sure that the ex-Chief of Army Staff General (R) Raheel Sharif is well aware of them because he was involved in that himself as a Chief and if you can apply for a job once you receive your retirement orders and if you are applying for a foreign mission then there is grace period of two years. The first two years within your retirement you have to seek from the GHQ and if it is after two years then there is no permission is required. Like my friend Mohsin Aziz said, the Chief is a

man of stature and he understands the implications of all things.

جناب چیئرمین: چلیں ٹھیک ہے۔ سینیٹر تاج حیدر صاحب۔

Senator Taj Haider

سینیٹر تاج حیدر: جس وقت media میں ان کی extension کی بات آئی تھی تو انہوں نے خود وضاحت کی تھی اور وہ الجھاؤ ختم ہو گیا تھا۔ اس وقت بھی media میں اتنی باتیں آ رہی ہیں، اگر Minister of Defence ان سے کہیں کہ وہ خود ایک بیان دے کر اس مسئلے کو clear کر دیں تو بہت اچھا ہو گا۔

Mr. Chairman: He is no longer under the Minister of Defence, now I don't think, he can tell him and he is a free individual.

سینیٹر تاج حیدر: دو سال کا وقت تو پورا نہیں ہوا۔

جناب چیئرمین: چلیں، وہ ٹھیک ہے۔ سینیٹر عبدالرحمٰن ملک صاحب! میرا خیال ہے کہ اس کو discussion پر چھوڑ دیں۔

We now move on to Order No.6. Order No.6 stands on the name of Senators Ashok Kumar, Muhammad Usman Khan Kakar and Mir Kabeer Ahmed Muhammad Shahi.

Calling Attention Notice moved by Senator Mir Kabeer Ahmed Muhammad Shahi on the issue of low gas pressure in Qallat, Balochistan causing deforestation

سینیٹر میر کبیر احمد محمد شہی: شکریہ، جناب چیئرمین!۔۔۔۔۔

جناب چیئرمین: اس کا جواب کون دے گا؟

سینیٹر میر کبیر احمد محمد شہی: جناب منسٹر صاحب تشریف رکھتے ہیں۔ جناب یہ call attention notice بلوچستان کے بہت اہم issue پر ہے۔ اس floor پر بھی ہم اسے دو مرتبہ raise کر چکے ہیں اور میں ذاتی طور پر بھی منسٹر صاحب اور جام کمال صاحب سے گزارش کر چکا ہوں بلکہ

منسٹر صاحب کو بھی میں نے دوlettersلکھے تھے جس کا جواب مجھے تین روز پہلے منسٹر صاحب کے دفتر کی طرف سے موصول ہوا ہے۔

جناب پورے بلوچستان میں گیس کا بہت بڑا مسئلہ ہے، پریشر بالکل نہیں ہے لیکن ہمارے صوبے کے سرد ترین علاقے جن میں قلات، مستونگ، پشین ہیںevenکہ کوئٹہ میں بھی گیس نہیں ہے۔ پرسوں قلات میں درجہ حرارت منفی تیرہ سنٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا ہے جو کہ سردیوں میں منفی اٹھارہ تک جاتا ہے۔ ہم بار بار گزارش کرتے ہیں کہ خدارا ہمارے صوبے میں گیس کا مسئلہ حل کیا جائے لیکن معلوم نہیں کیوں پورے پاکستان کو گیس ملتی ہے، جہاں اتنی مشکلات نہیں ہیں لیکن ہمیں منفی اٹھارہ میں گیس نہیں ملتی۔ منسٹر صاحب کے علم میں ہو گا کہ ابھی انہوں نے کوئٹہ سے ضلع مستونگ تک سولہ انچ کا پائپ پہنچا دیا ہے، اسے انہوں نے مستونگ میں چھوڑ دیا ہے لیکن بد قسمتی سے مستونگ میں بھی گیس نہیں ہے۔ ابھی معلوم نہیں کہ faultکہاں ہے۔ اگر اس پائپ لائن کو قلات تک لے جایا جائے تو میں سمجھتا ہوں بہت بڑی مشکل آسان ہو جائے گی۔ سب سے بڑا مسئلہ یہ ہے کہ ہم سمجھانے کی کوشش کرتے ہیں لیکن شاید اس طرح ہم نہیں سمجھا سکتے کہ ہم تو زندگی بچانے کے لیے گیس کا استعمال کرتے ہیں۔ ہم اتنی سردی میں اپنے بچوں کی جانیں بچانے کے لیے گیس کا استعمال کرتے ہیں جبکہ پاکستان کے دوسرے حصوں میں تو صرف kitchenتک اس کا استعمال ہوتا ہے۔

میں اس بات پر بھی حیران ہوں کہ 1952 میں گیس نکلی، بلوچستان کو صرف دس فیصد گیسavailableہے، اگر منسٹر صاحب مجھ سے اختلاف نہ کریں تو اس وقت بھی بلوچستان کا نوے فیصد علاقہ گیس سے محروم ہے لیکن جس دس فیصد کو گیس مہیا کی گئی ہے انہیں بھی valveبند کر کے خوار اور ذلیل کیا جاتا ہے۔ آج اس ایوان سے گزارش ہے چونکہ اس مسئلے پر پہلے بھی چار یا پانچ مرتبہ بات ہو چکی ہے اور میں امید کرتا ہوں کہ ہمیں شاید اس پر دوبارہ بحث کرنے کی ضرورت پیش نہیں آئے گی اور منسٹر صاحب اس مسئلے کو حل کریں گے۔ خاص طور پر جو سولہ انچ قطر کی پائپ لائن مستونگ تک پہنچ کر رک گئی ہے، میری منسٹر صاحب سے گزارش ہو گی کہ آج کے call attention noticeکے حوالے سے اسے بھی قلات تک لے جایا جائے۔ آج ہمیں اور اس ایوان کو باور کروا دیں کہ میں اور عثمان کاکڑ صاحب دوبارہ اس مسئلے کے حوالے سے نہیں اٹھیں گے۔ میں آپ کا مشکور ہوں جناب۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ عثمان خان کاکڑ صاحب۔

Senator Muhammad Usman Khan Kakar

سینیٹر محمد عثمان خان کاکڑ: جناب چیئرمین! اس وقت بھی کوئٹہ کا درجہ حرارت منفی دس ہے، تقریباً دو سے تین ماہ تک کوئٹہ میں منفی درجہ حرارت رہے گا جبکہ قلات اور زیارت میں تو بہت زیادہ سردی ہے۔ اس وقت وہاں پر گیس کا 30mmfc کا shortfall ہے جو بہت زیادہ ہے۔ لوگوں میں اور بچوں میں خصوصاً بیماریاں ہیں جیسا کہ میر کبیر صاحب نے کہا کہ وہاں پر زندگی کا مسئلہ ہے۔ اس کا ایک یہ حل ہے کہ شکارپور، جیکب آباد میں جو 24 انچ کی لائن ہے اسے یہ لوگ ہنگامی بنیادوں پر تعمیر کریں۔ دوسرا یہ کہ سی کے compressor کو upgrade کیا جائے، جس سے گیس کو پریشر دیا جاتا ہے، ابھی تک اس پر کام نہیں ہوا ہے، ڈیڑھ سال سے یہ لوگوں کو بتا رہے ہیں لیکن ابھی تک اس پر اتنا کام نہیں ہوا ہے جتنا کہ ہونا چاہیے تھا۔ ہمارے صوبے کی جو بھی re-enforcement schemes ہیں ان پر بھی ہنگامی بنیادوں پر کام کریں۔ اسی کے ساتھ ہماری یہ گزارش ہے کہ کوئٹہ میں slab rate 300 unit کے بعد ایک یونٹ 25 روپے کا ہو جاتا ہے، حالانکہ عام گھرانے کا بل -/1500 سے لیکر -/1000 روپے تک کا ہوتا ہے۔ جب یہ 25 روپے اور اس سے زیادہ لگاتے ہیں تو یہ تقریباً 8000/7000 تک پہنچ جاتا ہے۔ ہماری یہ گزارش ہے کہ سردی کی وجہ سے یہ یونٹ 300 کی بجائے 500 تک کر دیں تاکہ لوگوں پر وہ بوجھ نہ پڑے۔ آپ اس کی یقین دہانی بھی کرا دیں اور وہ اس پر کام بھی شروع کر دیں۔ یہ تو یہ کہہ دیں گے کہ ہم نے وہاں پر CNG Stations بند کر دیئے ہیں، وہاں پر تو 8 سے 10 CNG Stations ہیں جن کے بند ہونے سے پریشر ٹھیک نہیں ہو گا۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ جی منسٹر صاحب۔ اشوک کمار صاحب ہیں؟ اشوک کمار صاحب موجود نہیں ہیں۔

Mr. Shahid Khaqan Abbasi, Minister for Petroleum and Natural Resources

جناب شاہد خاقان عباسی (وزیر برائے پٹرولیم وقدرتی وسائل): جناب میں قلات کے issue کے بارے میں گزارش کرنا چاہتا ہوں۔ قلات میں تقریباً 10500 consumers ہیں اور average consumption کے حوالے سے یہاں 3 million

cubic feet gas سردیوں میں کافی ہے اور گرمیوں میں 1 million cubic feet یعنی 1 MMCFD versus 3 MMCFD. کوئٹہ سے اس وقت flow 12 MMCFD اس four times the number of gas required. پائپ لائن میں جارہا ہے یعنی The gas requirement for Qallat is three, twelve is leaving Quetta, but it doesn't get to Qallat. آج ہم نے قلات میں جو check کیا ہے وہاں پر ان کو 2 کے قریب گیس مل رہی ہے یعنی two third of the requirement and one third pressure profiling سے پورا کرنا پڑتا ہے جو کہ بڑی بدقسمتی ہے۔

جناب بنیادی طور پر گزارش یہ ہے کہ this relates to law and order problem وہاں پر اتنی چوری ہو رہی ہے۔

Mr. Chairman: But how do they steal gas?

Mr. Shahid Khaqan Abbasi: Sir, by connecting tube to the pipelines. In every locality, the pipeline passes through or near, illegal connection is made and the gas is taken away. Sir, for example, on this Qallat-Mastung gas pipeline which was developed with doubling the capacity, یہاں پر 16 انچ گیس پائپ لائن ڈالی گئی اور مستونگ سے آگے یہ 8 انچ کی پائپ لائن ہے۔ نومبر کے مہینے میں اس سسٹم میں جو گیس گئی ہے وہ 162 thousand million cubic feet (162 MMCF) ہے اور consumers کے میٹروں پر جو آئی ہے وہ صرف بیس ہزار ہے۔ یعنی 1,41,000 MMCF گیس چوری ہو گئی which is 87% of the gas which was stolen جو میٹروں پر registered ہی نہیں ہوئی۔ اگر آپ اس حساب سے دیکھیں کہ چوری شدہ گیس سے بھی کوئی تو مستفید ہو رہا ہے تو تقریباً چالیس ہزار consumers جو لوگ گیس استعمال کر رہے ہیں ان کے پاس یہ گیس جاتی ہے۔ اس میں سے تیس ہزار کے میٹرز نہیں لگے ہوئے یا شاید اس سے بھی زیادہ ہوں جو کہ ایک general average حساب ہے۔

یہ issues ہیں جن کو حل کرنے کی ضرورت ہے اور یہ کمپنی خود نہیں کر سکتی۔ Political leadership بھی اس کے اندر شامل ہو، اس میں بلوچستان کی

87% of administrative leadership بھی شامل ہو پھر جا کر یہ مسئلہ حل ہو گا۔ یعنی gas doesn't get to the consumer who has a meter. Only 13% is metered and billed آپ یہ دیکھ لیں کہ کوئٹہ شہر میں آج 120 MMCFD gas supply کی گئی، this is more than the gas supplied to Lahore, so there is so much of theft. It has become impossible to control the situation. It is not an issue of gas supply; it's an issue of theft. So on this, I would recommend that this House may form a Committee or the Standing Committee may look into this matter. It's a serious issue, because ہم بلوچستان میں گیس دینا چاہتے ہیں لیکن جب تک یہ issues resolve نہیں ہوں گے یہ پائپ لائن یا گیس add کرنے کا فائدہ نہیں ہو گا ورنہ اس وقت بلوچستان میں gap صرف 17 کا ہے the gap is less than 6%, but the issue is that, when there is a theft of this size, then the actual consumers do not get the gas. تو آپ اسے Standing Committee کو refer کر دیں تاکہ سارے حقائق وہاں پر سامنے آ جائیں اور ان کا حل بھی تلاش کیا جائے۔ ہم بھی چاہتے ہیں کہ بلوچستان میں گیس اضافی ہو اور لوگوں کو ملے لیکن جب economic حالات یہ ہوں گے کہ 87 فیصد گیس چوری ہو رہی ہو تو پھر معاملہ ذرا مشکل ہو جاتا ہے۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: میں اس معاملے کو اسٹینڈنگ کمیٹی کو refer کر دیتا ہوں پھر آپ لوگ وہاں اس پر بات کر لیں۔

This matter stands referred to the Standing Committee concerned with the direction to report back within 45 days. Calling attention notice is accordingly disposed of.

We will now move on to order No.7. It stands in the name of Senator Mian Ateeq Shaikh; please move order No.7.

Motion under Rule 60 moved by Senator Mian Muhammad Ateeq Shaikh regarding discussion on tests conducted by NTS

Senator Mian Muhammad Ateeq Shaikh: Thank you very much sir. I beg to move for discussion on the following matter of public importance arising out of answer to starred question No.83, asked by Senator Muhammad Usman Khan Kakar, replied on 22nd December, 2016 "regarding the tests conducted by NTS for appointments against various posts in Utility Stores Corporation, advertised in 2015 and 2016."

جناب! یہ معاملہ صرف یوٹیلٹی اسٹورز کی بھرتیوں تک محدود نہیں ہے بلکہ یہ پورے ملک کا معاملہ ہے۔ سال 2015 میں 21 ہزار امیدواروں نے جبکہ 2016 میں 27,595 امیدواروں نے NTS کا امتحان دیا، یہ معاملہ ان کے بارے میں ہے۔ پہلی بات یہ ہے کہ یہ طریقہ کار 2002 سے شروع ہوا۔ اس سے پہلے 55 سالوں تک جو نظام چل رہا تھا، میں ضرور یہ سوچنے پر مجبور ہوں کہ کیا وہ نظام درست نہیں تھا؟ اگر وہ نظام درست نہیں تھا تو وہ 55 سال تک کیسے چلا؟ دوسری بات، جب ہم National Testing Service (NTS) کی بات کرتے ہیں تو یہ چیز سامنے آتی ہے کہ اسے developed world سے copy کیا گیا۔ جیسا کہ developed world میں بہت سے tests ہوتے ہیں مثلاً Graduate Assessment Test (GAT) ہے، National Aptitude Test ہے اور اس طرح کے اور مختلف tests ہیں تو شاید یہ بھی اسی طرح کا ایک test بنایا گیا لیکن آج 14 سال گزرنے کے بعد ہم دیکھ رہے ہیں کہ یہ NTS جب سے بنا، جتنی نوکریاں اس کے تحت دی جارہی ہیں، اس میں سب سے بڑا سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اس ٹیسٹ سے کتنے candidates گزرتے ہیں اور تمام candidates سے جو کروڑوں روپے اکٹھے کیے جاتے ہیں، وہ صرف اور صرف ایک private ادارہ اکٹھا کرتا ہے۔

جناب! چونکہ آپ قانون دان ہیں، ہر طرح سے قانون کو سمجھتے ہیں، اس ادارے کی طرف سے ہمیشہ یہ کہا گیا کہ یہ ایک Non-Profit Organization (NPO) ہے لیکن جب کمیٹی نے اپنی رپورٹ میں لکھا تو پتا چلا کہ یہ ایک private organization ہے جو اپنے profit کو،

چاہے وہ کروڑوں میں ہو یا اس سے زیادہ ہو، اپنی بساط اور خواہش کے مطابق خرچ کرتی ہے۔ میں یہ واضح کرنا چاہتا ہوں کہ عام لوگوں اور بے روزگار نوجوانوں سے جو پیسے اکٹھے کیے گئے، میری گزارش ہو گی ایوان سے، اگر آپ مناسب سمجھیں تو انہیں instruct کیا جائے کہ یہ پیسے انہیں واپس کیے جائیں۔

اس وقت ضرورت اس بات کی ہے کہ اس معاملے پر کوئی قانون سازی کی جائے تاکہ اس طرح کے تمام ادارے جوابدہ ہوں۔ جب وہ جوابدہ ہوں گے تو پھر ہی ان سب کی حقیقت سامنے آئے گی۔ اس رپورٹ کے مطابق جس میں آپ نے بھی فرمایا تھا، پچھلی مرتبہ جو یہ سینیٹ کی اسٹینڈنگ کمیٹی کی رپورٹ آئی، اس میں اسی ادارے نے reportedly آگ لگا کر تمام دستاویزات اور تمام ریکارڈ جلایا۔ اس کے بارے میں یہ کہا گیا کہ یہ جل گیا جبکہ میں سمجھتا ہوں کہ ایسے ادارے کا آڈٹ ہونا بہت ضروری ہے لیکن جب بھی اس ادارے کے آڈٹ کے بارے میں بات کی گئی تو مختلف بہانوں سے اور مختلف طریقوں سے یہ ادارہ آڈٹ سے بچتا رہا۔ میری گزارش ہو گی کہ اس معاملے کو کمیٹی کو بھیجا جائے تاکہ اس پر قانون سازی کی جا سکے کیونکہ آنے والے وقتوں میں اس کی ضرورت ہو گی۔ ایک نوکری کے لیے ہزاروں لوگ apply کرتے ہیں اور وہ تمام فیس دیتے ہیں۔ جہاں تک curriculum کی بات ہے، وہ بھی یہ ادارہ خود بناتا ہے۔ اگر اس معاملے کو کمیٹی کو بھیجا جائے اور اس پر قانون سازی کے بارے میں سوچا جائے تو بہت بہتر ہو گا۔ بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: جی سواتی صاحب۔

Senator Mohammad Azam Khan Swati

Senator Mohammad Azam Khan Swati: Thank you very much Mr. Chairman. Basically, this particular institution for which it was established and the purpose of scope was worthwhile, it was very great because it would have provided across the board one parity to all those students who were to attend and also be tested under those NTS tests. After the Head of the Department, Mr. Haroon, whose Ph. D degree was declared as fake, there are so many complaints all over the country especially from the students.

Being a member of Committee on Education, I think it does need your kind attention and sympathetic consideration as to whether NTS is now worthwhile or it should be completely abolished. I think this particular issue be sent back to the Committee; Committee would have more time and scope to consider the quality of NTS and the way those tests are being conducted. I would really appreciate that it is a very serious matter which basically has the underpinning and the future of all our young generation who basically either apply in different employments or go to different schools. So, the quality of the testing has to be considered in the Committee; I would really appreciate if this matter can be sent to the Committee. Thank you Sir.

جناب چیئرمین: شکریہ۔ ڈاکٹر جمالدینی۔

Senator Dr. Jehanzeb Jamaldini

سینیٹر ڈاکٹر جہانزیب جمالدینی: جناب چیئرمین! شکریہ۔ یہ NTS کا سلسلہ جب سے شروع کیا گیا ہے، یہاں پر جتنے گھپلے اس وقت ملکی level پر سامنے آرہے ہیں، میرے خیال میں سب ان سے آگاہ ہیں اور اس august House کو بھی ان تمام چیزوں کا پتا ہے۔

جب NTS ٹیسٹ ہوتے ہیں تو حکمران طبقے کے لوگ، آپ اندازہ نہیں کر سکتے کہ وہ تمام جتنے بھی ہیں، وہ ٹیسٹ pass کر چکے ہوتے ہیں، انہیں نمبر مل چکا ہوتا ہے، وہ qualify کر چکے ہوتے ہیں اور جو بھی اپوزیشن میں ہوتے ہیں، وہ فیل بھی ہو چکے ہوتے ہیں، انہیں نمبر بھی نہیں ملتے۔ ان کی حیثیت بھی ایسی ہوتی ہے کہ وہ بے چارے مارے مارے پھرتے ہیں۔ NTS میں کیا criterion ہوتا ہے کہ فوری طور پر اس میں یہ پہچان بھی ہے کہ یہ اپوزیشن کے ہیں یا حکومتی side کے ہیں۔ اب بلوچستان میں تیس ہزار posts announce کی جا چکی ہیں۔ آپ کو یاد ہو گا کہ ان دنوں میں جب آغازِ حقوقِ بلوچستان کے لیے پانچ ہزار پوسٹوں کا اعلان کیا گیا، وہ بھی ہمارے ٹیچرز تھے اور اسی context میں پرائم منسٹر صاحب نے announce کیا کہ میں بیس ہزار مزید posts create کروا کر اہلِ بلوچستان کو دے دوں گا۔ وہ جو پانچ ہزار posts تھیں، ان کا تو پتا ہی نہیں چلا کہ

کیسے اپنوں میں بانٹ دی گئیں۔اب یہ تیس ہزار خصوصاًبلوچستان میں جو posts announce کی جاچکی ہیں، یہ بھی NTS کی نذر ہو جائیں گی۔ جہاں تک اس NTS کی بات ہے تو یہ کوئی clear test نہیں ہے بلکہ یہ ایک نہایت doubtful test ہے۔اس میں اکثر اپنے پسندیدہ لوگوں کو pass کیا جاتا ہے۔ میں تو کہتا ہوں کہ اس حوالے سے صرف اس طرح کی movement ہی کافی نہیں بلکہ orders ہونے چاہییں کہ NTS کو فوری طور پر ختم کر کے نہایت ہی qualitative اور open merit پر mental aptitude دیکھ کر، ان کا academic knowledge دیکھ کر، total qualification دیکھ کر ہی اسے pass کیا جانا چاہیے ورنہ ہمارے بچے اسی طرح رلتے رہیں گے اور مارے مارے پھریں گے۔ایسے لوگ pass ہوئے ہیں جن کے پاس quality تک نہیں ہے، باقی نہیں ہوئے کیونکہ ان کا تعلق کسی خاص طبقے سے ہے۔ میں اتنا ہی عرض کرنا چاہ رہا تھا۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔کاکڑ صاحب۔

Senator Muhammad Usman Khan Kakar

سینیٹر محمد عثمان خان کاکڑ: شکریہ، جناب چیئرمین! 22nd December, 2016 کو Utility Stores کے حوالے سے میرا سوال تھا اور اس پر جواب آیا تھا۔2015 میں 21000 candidates نے NTS کے ذریعے test میں حصہ لیا، جس کی fee تراسی لاکھ بنتی ہے۔ 2016 میں دوبارہ test لیا گیا جس میں انہوں نے candidates سے تقریباً دو کروڑ روپے لیے۔ بعد میں department نے کہا کہ ہمارے پاس پیسے نہیں ہیں، بجٹ نہیں ہے، اس لیے ہم آپ کو نہیں رکھیں گے۔جناب والا! گزارش ہے کہ اپنے department کے حوالے سے معلومات ہونی چاہیے، study ہونی چاہیے کہ ہمارے پاس بجٹ ہے یا نہیں ہے، اگر بجٹ نہیں تھا تو اسے advertise نہیں کرنا چاہیے تھا۔ ایسے لگتا ہے کہ متعلقہ bureaucracy کے لوگ NTS test میں pass نہیں ہوئے، لہٰذا یہ کہہ دیا گیا کہ ہمارے پاس بجٹ نہیں ہے۔

جناب والا! جن لوگوں نے fee کی مد میں دو کروڑ روپے جمع کروائے تھے، اس کے علاوہ ان کے سفری اخراجات، کھانے وغیرہ کے اخراجات تھے، کچھ لوگ دور سے آئے، ہوٹلوں یا مسافر خانوں میں رہے اور اخراجات کیے، جب آپ ان تمام کو جمع کریں تو یہ تقریباً آٹھ، دس کروڑ کے قریب بنتے

ہیں۔ اُس وقت یہ ایوان Convener چلا رہے تھے، ہم نے کہا کہ اسے متعلقہ کمیٹی کے سپرد کر دیں تاکہ اس کی تفصیل سے inquiry ہو اور ہم اس کا حل نکالیں۔ میری اب بھی گزارش ہے کہ اسے متعلقہ standing committee کے حوالے کر دیں تاکہ تفصیل سے inquiry ہو اور اس کا نتیجہ نکل سکے۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: شکریہ، میر کبیر صاحب۔

Senator Mir Kabeer Ahmed Muhammad Shahi

سینیٹر میر کبیر احمد محمد شہی: شکریہ، جناب چیئرمین! یہ یقیناً بہت اہم مسئلہ ہے۔ بلوچستان حکومت میں بھی یہ سلسلہ شروع کیا گیا تو اس وقت ہمیں بھی یہ پتا نہیں تھا کہ NTS کیا ہے۔ یہ per student Rs. 500 to Rs. 900 fee لیتے ہیں، بلوچستان میں 100 vacancies کے لیے 64000 applications آئی تھیں۔ ان چونسٹھ ہزار میں سے صرف سو آدمیوں کو ملازمت ملے گی چاہے وہ ایمانداری سے ملازم ہوں یا بے ایمانی کی صورت میں لیکن یہ چونسٹھ ہزار لوگ بار بار NTS کی نو، نو سو روپے fee دیتے ہیں یہ بھی ایک لمحہ فکریہ ہے۔ میں ایک مثال دینا چاہتا ہوں کہ ہمارے ہاں Education Department کی 5000 posts تھیں، 2014 میں NTS کے tests ہوئے، اس کے بعد ان پر appointments ہوئیں لیکن اس کے بعد بہت ساری reports آئیں کہ NTS میں گڑ بڑ ہوئی، اس پر لوگ عدالت میں گئے۔ اس کے بعد وزیر اعلیٰ صاحب نے ہر Divisional Commissioner کی کمیٹی بنائی، جب کمیٹیوں نے اس کی جانچ پڑتال کی تو پتا چلا کہ اس میں بہت گڑ بڑ ہوئی ہے اور ایمانداری کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

جناب چیئرمین! میرے پاس ثبوت موجود ہے کہ شہداد کوٹ کے نوجوان کو message کیا جاتا ہے کہ کل صبح آپ کا interview اسلام آباد میں ہے، آپ پہنچ جائیں۔ اس نے کہا کہ میں شہداد کوٹ میں بیٹھا ہوں، آپ مجھے کل صبح دس بجے interview کے لیے اسلام آباد call کر رہے ہیں، میں کیسے آ سکتا ہوں، میرے لیے کوئی chartered plane or helicopter بھیجیں تاکہ میں وہاں پہنچ سکوں۔ جناب والا! میری گزارش ہے کہ ایک تو غربت ہے، بے روزگاری ہے، لوگوں کے پاس پیسے نہیں ہیں، بار بار نو سو، ہزار روپے test کے لیے دیے جائیں اور test بھی ایمانداری کی بنیاد پر نہ ہو تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ ظلم ہے۔ اگر departments خود tests لیں

جیسے مختلف departments اپنے طور پر test لیتے ہیں، اگر اس طرح کیا جائے، ان میں ایمانداری ہو، ان پر check and balance رکھا جائے تو یہ پیسے بٹورنے والا سلسلہ بند ہو گا اور لوگ اس عذاب سے بھی بچ جائیں گے۔ شکریہ۔

Mr. Chairman: Thank you. Saif Sahib is the last speaker. Kalsoom Perveen Sahiba, Hafiz Hamdullah, Rubina Khalid and Saif Sahib, these are the speakers because then the Minister has to speak. The motion is for half an hour. Sardar Sahib.

Senator Sardar Muhammad Azam Khan Musakhel

سینیٹر سردار محمد اعظم خان موسیٰ خیل: شکریہ، جناب چیئرمین! جس کے پاس پیسے ہوں گے اس کے بچے اچھی posts پر آئیں گے، جس کے پاس پیسے نہیں ہوں گے، غریب لوگ چاہے قابل کیوں نہ ہوں وہ رہ جائیں گے۔ میں ایک مثال پیش کرتا ہوں اور میں ایک ذریعے سے اس کا چشم دید گواہ ہوں۔ ایک آدمی کی دو بیٹیاں تھیں، انہوں نے NTS کا test دینا تھا، اس کی ایک بیٹی بہت قابل تھی اور دوسری نااہل تھی۔ اس نے فیصلہ کیا کہ میں قابل بچی کے لیے پیسے نہیں دوں گا اور جو قابل نہیں تھی اس کے لیے اس نے چھ لاکھ روپے دیے۔ اس کا مقصد یہ تھا کہ ایک بچی پیسوں کے ذریعے pass ہو جائے گی اور دوسری اپنی قابلیت کی وجہ سے pass ہو جائے گی اور میرا کام بن جائے گا۔ جناب والا! قابل بچی test میں رہ گئی اور جس کے پیسے اس نے دیے تھے وہ نکل گئی۔ میں ایک ذریعے سے اس کا چشم دید گواہ ہوں۔ لہٰذا اسے کمیٹی کے سپرد کیا جائے۔ NTS کے tests برباد ہیں۔

جناب چیئرمین: کلثوم پروین صاحبہ۔

Senator Kalsoom Perveen

سینیٹر کلثوم پروین: شکریہ، جناب چیئرمین! یقیناً حافظ حمداللہ صاحب نے بھی بولنا ہے اور مجھے پتا ہے کہ وہ اس کے تھوڑے سے مخالف ہیں۔ جناب والا! یہ مسئلہ تقریباً آٹھ، نو مرتبہ اٹھایا گیا اور اس کی پوری detail بھی آئی۔ ہم نے انہیں Standing Committee on Cabinet میں بھی بلانا چاہا لیکن ان کے لوگ وہاں نہیں آئے۔ ہم پوچھنا چاہتے تھے کہ آپ کا test لینے کا criterion کیا ہے اور کس طرح result announce کرتے ہیں؟ صرف ایک آدمی کا result announce کر کے آپ اسے بتا دیتے ہیں کہ آپ fail ہیں یا pass ہیں۔ اس کے بعد

آپ interview میں نہیں بلاتے۔ آپ کے اپنے چیئرمین کی degree fake ہے، وہ ملک سے باہر ہے۔ باقی ادارے کو بھی دیکھ لیں، ہماری کسی سے کوئی ذاتی پرخاش نہیں ہے، میں پورے ملک کی بات کر رہی ہوں، میں بلوچستان کی بات نہیں کر رہی ہوں۔ وزارتوں نے اپنی ذمہ داری ایک، دو اداروں پر ڈال دی ہے، PTS بھی ہے، NTS بھی ہے اور بھی کچھ ادارے ہیں۔ اگر انہی نے لوگوں کا criteria check کرنا ہے، merit کو check کرنا ہے اور وزارت کے جو لوگ اس میں بیٹھے ہوئے ہیں، ان کے بھی ایک، دو نمائندے اس میں بیٹھیں تاکہ پتا چلے کہ جو آدمی آئے ہیں واقعی وہ اس technology کو جانتے بھی ہیں یا نہیں۔ اگر Science and technology کا test ہے تو وہ بھی NTS لے رہا ہے، اگر کسی vehicle کا ہے وہ بھی NTS لے رہا ہے، اگر کسی Utility کا ہے تو وہ بھی NTS لے رہا ہے، ان کے پاس کون سا ایسا criterion ہے جس سے وہ تمام چیزیں اس میں لے کر آتے ہیں؟ ہم نے ایک مرتبہ پہلے بھی ایوان میں آپ کے توسط سے گزارش کی تھی کہ یا تو اسے کمیٹی میں لے کر آئیں یا جو لوگ test لے رہے ہیں، وہ Board آئے اور ہم ان سے پوچھیں کہ ان کا کیا طریقہ کار ہے؟ انہوں نے merit کا کیا طریقہ رکھا ہے؟ کس طرح سے بچے اور بچیاں آئیں گے؟ آپ one post کے لیے 19000 applications کیوں لیتے ہیں؟ اس کا بھی کوئی طریقہ کار ہونا چاہیے۔ ایک بچہ بارہ ہزار روپے سے پندرہ ہزار تک خرچ کرتا ہے، یہ ان بچوں پر ظلم ہے، انہیں ملتا کچھ نہیں ہے اور یہ پیسے ان کی جیب سے جاتے ہیں۔

جناب چیئرمین: شکریہ، حافظ حمداللہ صاحب۔

Senator Maulana Hafiz Hamdullah

سینیٹر مولانا حافظ حمداللہ: شکریہ، جناب چیئرمین! دوستوں نے کہا کہ NTS کے ذریعے test نہیں دینا چاہیے، یہ تو ہم نے خود مشاہدے میں دیکھا ہے کہ نوجوان merit پر آئے لیکن انہیں محروم کر دیا گیا۔ اس کے لیے انہوں نے Commissioner کے under یا D.C کے under کمیٹی بنائی کہ وہاں appeal کرنی ہے، اس کمیٹی میں بھی کوئی شنوائی نہیں ہوتی، ہمارے پاس درجنوں اس طرح کے cases آئے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ NTS ایک طرح سے پیسے بٹورنے کا ذریعہ بھی ہے جیسے دوستوں نے کہا اور دوسری بات یہ ہے کہ جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کی report

ہمارے سامنے ہے، انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں بھرتیوں اور تعیناتیوں میں اقرباء پروری ہو رہی ہے اور میں اسے 100% support کرتا ہوں کہ اقرباء پروری ہو رہی ہے۔

جناب والا! NTS کی مخالفت بھی وہی دوست کر رہے ہیں جو بلوچستان حکومت میں ہیں، ناراض نہیں ہونا۔ بلوچستان میں جتنے بھی لوگوں کا test and interview لیا جاتا ہے، وہ NTS کے ذریعے لیا جاتا ہے اور یہاں NTS کی مخالفت کی جاتی ہے۔ لہٰذا نیم اندرون، نیم بیرون، اس کا کیا جواب ہے؟ NTS ایسے ہی ہے جیسے ہماری فوجی عدالتیں ہیں، پتا نہیں چلتا کہ اندر کیا ہوتا ہے؟ کس طرح investigation ہو رہی ہے؟ کیا ملزم کو موقع ملا یا نہیں ملا؟ اسی طرح NTS میں بھی چار دیواری اور اندھیرے کمرے میں تین آدمی بیٹھے ہوئے ہیں، فیصلے کرتے ہیں، کس کو حق دینا ہے، کس کو حق سے محروم کرنا ہے، کون میرٹ پر آتا ہے، کون میرٹ پر نہیں آتا لہٰذا اس کا اور آرمی کورٹس کا کوئی فرق نہیں ہے۔ ہم NTS کی مخالفت پہلے بھی کر چکے ہیں، آج بھی کر رہے ہیں اور میں یہ کہتا ہوں کہ اگر ان کو ہم کمیٹی کے حوالے کریں گے تو پھر وہ صوبے جو through NTS test لے رہے ہیں، ان کا پھر کیا ہو گا۔

جناب چیئرمین: شکریہ، جی روبینہ خالد۔

Senator Rubina Khalid

سینیٹر روبینہ خالد: چیئرمین صاحب! شکریہ۔ NTS کو ہم نے اپنے ملک میں ایک pyramid بنا لیا ہے جو ایک cycle of evil ہے اور ہمارے education system میں یہاں تک ایک ایسا سسٹم بن گیا ہے کہ میرے خیال میں جو غریب کا بچہ ہے کسی پوزیشن پر نہیں آ سکتا۔ ہم جب چھوٹے ہوتے تھے تو story سنتے تھے اور ہم نے اپنے ساتھ لوگوں کو دیکھا کہ they came from humble background but they made it big. مگر اب وہ چیز مجھے ممکن ہوتی نظر نہیں آ رہی کیونکہ سکول اور کالج سے لے کر جو ایک سلسلہ شروع ہوا ہے والدین کو bleat کرنے کا، ان سے پیسے بٹورنے کا، پھر سکول کی فیس علیحدہ دیں، پھر شام کی tuition fee الگ دیں۔ پھر entry test کی payments علیحدہ کریں۔ پھر یہ مرحلہ آتا ہے کہ کم از کم جب کوئی relief ملنے کا موقع ہوتا ہے کہ کوئی نوکری مل جائے گی مگر وہاں بھی ایک الگ پیسا بٹورنے کا سسٹم شروع ہو گیا ہے تو سب کو دیکھنا چاہیے کہ ایک عام آدمی کیسے یہ سارے expenses

meet کرے گا۔ شام کی tuitions، وہ بڑے بڑے پرائیویٹ سکول اور even چھوٹے پرائیویٹ سکول بھی، every child is going for tuition in the evening. صبح سے شام تک پڑھائی ہے، اپنی ڈگریاں لے لو اور پھر انٹری ٹیسٹ کے پیچھے پھرو۔ انٹری ٹیسٹ کے لئے پڑھائی کرو تو پھر NTS کے ٹیسٹ کے پیچھے پھرو۔ تو پھر آپ یہ جو دیکھ رہے کہ سوسائٹی میں intolerance level بڑھتا جارہا ہے اس کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ بچے اور نوجوانوں کے پاس کوئی وقت ہی نہیں ہے سوائے اس کے کہ سارا وقت ٹیسٹ کے پیچھے بھاگتے رہیں۔ ٹیسٹ ضرور ہونے چاہییں لیکن ایک آدھ ٹیسٹ ہو، خاص کر کے انٹری ٹیسٹ جو میڈیکل یونیورسٹیوں کے اور انجینئرنگ یونیورسٹیوں کے، ان کا ایک طریقہ ہو کہ پورے ملک میں ایک ٹیسٹ ہو جائے تاکہ بچے اسی حساب سے تیاری کر کے دے دیں۔ ہر یونیورسٹی، ہر کالج اور ہر ڈیپارٹمنٹ اپنا NTS Test کروا رہا ہے تو اس کو تھوڑا سا دیکھا جائے کہ کیسے عام آدمی کو relief مل سکتا ہے۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ بیرسٹر سیف۔

Senator Muhammad Ali Khan Saif

سینیٹر محمد علی خان سیف: بسم اللہ الرّحمٰن الرّحیم۔ چیئرمین صاحب! یہ این ٹی ایس پر بات ہو رہی ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ سرمایہ دارانہ نظام کی جو مختلف بیماریاں ہیں، ان میں سے یہ بھی ایک بیماری کا نام ہے۔ ہم نے اپنا education system privatize کر دیا، پرائیویٹ لوگوں کے ہاتھوں میں دے دیا اور جیسے ایک لینڈ مافیا بن گیا، جیسے شوگر مافیا بن گیا، سیمنٹ مافیا بن گیا اس طرح ایک ایجوکیشن مافیا بھی بن گیا ہے جو ایجوکیشن کے نام پر کاروبار کر رہا ہے اور لوگوں کو ڈگریاں بانٹ رہا ہے۔

جہاں تک NTS کا تعلق ہے یہ ہماری اپنی قومی کمزوری کی عکاسی کرتا ہے کہ اب ہم پڑھانے کے بعد امتحان لینے کی ذمہ داری بھی کسی اور کو پیسے کمانے کے حوالے سے دے رہے ہیں کہ وہ پیسے بھی کمائے اور لوگوں کے امتحان بھی لے اور ہمارے سر سے یہ ذمہ داری اتر جائے۔ میں سمجھتا ہوں کہ یقینی طور پر اس نظام میں بہت سی خرابیاں ہیں۔

جناب چیئرمین! میں خود ہائی کورٹ میں ایک کیس deal کر رہا ہوں چونکہ وہ subjudice ہے، میں اس پر بات تو نہیں کروں گا لیکن وہ اسی NTS میں گھپلوں کے بارے میں ہے کہ اس میں کچھ گڑبڑ ہوئی ہے اور اب وہ کیس ہائی کورٹ میں زیر سماعت ہے۔ اللہ کرے اس میں

بھی کوئی اچھا نتیجہ نکلے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس پر ضرور کوئی چیک ہونا چاہیے، امتحانات کے نظام پر اور اس میں کرپشن definitely ہو رہی ہے اور خاص طور پر NTS ان اداروں کو oblige کرتا ہے جو زیادہ سے زیادہ posts advertise کرتے ہیں جہاں پر نوکریوں یا کسی بھی activity کے لئے testing کی requirement ہوتی ہے۔ ان کو باقاعدہ oblige کیا جاتا ہے، ان کے ساتھ رابطے ہوتے ہیں اور بعض کیسوں میں ان کی مرضی کے مطابق رزلٹ بھی دیئے گئے ہیں اور اسی طرح کا کیس میں عدالت میں اس وقت pursue بھی کر رہا ہوں۔

جناب چیئرمین! جہاں تک اس بات کا تعلق ہے کہ NTS federal level پر ایک الگ body ہے اور صوبوں میں الگ ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ چونکہ ان کے اندر different divisions ہیں ، اس کو overall دیکھنا چاہیے۔ Federal level پر تو کم از کم ہمارا mandate بنتا ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ ان کا کوئی audit ان کا کوئی حساب کتاب، ان کے کوئی standards وغیرہ ضرور ہونے چاہییں اور اس کے لئے کوئی regulatory or monitory mechanism ہونا چاہیے۔ اسی لئے میں بھی یہ درخواست کروں گا کہ اس کو متعلقہ کمیٹی کے سپرد کیا جائے اور اس پر غور کیا جائے۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: شکریہ۔ جی وزیر صاحب۔ نہیں بلور صاحب! میں نے کہہ دیا تھا اور وقت بھی ختم ہو رہا ہے۔

جناب غلام مرتضیٰ خان جتوئی (وفاقی وزیر برائے صنعت و پیداوار): این ٹی ایس Establishment Division کی طرف سے پورے پاکستان میں لاگو ہے۔ پانچ گریڈ سے اوپر جو بھی jobs ہوں گی ان کی testing کی جائے، پہلے صرف این ٹی ایس کا ادارہ تھا اور اس کے بعد اور بھی دو تین testing agencies آ گئی ہیں۔ اب departments tender کرتے ہیں اور جو agency lowest ہو اس کو tender دیا جاتا ہے۔ اگر آپ اس کو Establishment Division کی کمیٹی کو بھیجیں تو وہی اس کو deal کر سکتے ہیں، overall policy بنا سکتے ہیں کہ NTS ہونا چاہیے کہ نہیں ہونا چاہیے۔

جہاں تک یوٹیلٹی سٹور کا تعلق ہے تو یوٹیلٹی سٹورز نے واقعی دو advertisements دیں اور اس میں لوگوں نے پیسے بھی دیئے، انہوں نے ٹیسٹ بھی دیئے لیکن پھر بورڈ نے فیصلہ کیا کہ نئے governance rules آنے کے بعد بورڈ کے پاس powers ہیں کہ hiring ہونی چاہیے یا نہیں ہونی چاہیے۔ بورڈ نے فیصلہ کیا کہ چونکہ یوٹیلٹی سٹورز خسارے میں ہے تو ہم یہ hiring نہیں کر سکتے لیکن الحمد للہ پچھلے دو تین مہینوں سے یوٹیلٹی سٹورز منافع میں جا رہا ہے اور اس ماہ نقصان پر ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ دو تین ماہ میں یہ profit پر آ جائے گا تو شاید پھر ہم بورڈ سے کہیں کہ اب کوئی جواز نہیں، یوٹیلٹی سٹور profit میں آ چکا ہے اور ضرورت بھی ہے کہ آپ یہ vacancies fill کریں تو اب اپنے decision کو reconsider کریں اور جن لوگوں نے ٹیسٹ دیے ہیں ان کو موقع دیں اور ان کو appoint کریں۔ As far as Utility Stores is concerned ہم یہی recommend کریں گے کہ profit میں آنے کے بعد بورڈ اپنے فیصلے کو reconsider کرے اور جن لوگوں نے پیسے بھرے ہیں اور ٹیسٹ دیے ہیں انہی میں سے appointments ہونی چاہییں۔

Mr. Chairman: Thank you. The discussion is over. We now move on to Order No.8. Order No.8 is a Report which is to be laid by the Minister Incharge of Cabinet Secretariat.

Laying of Annual Report of the National Economic Council 2014-15 by Sheikh Aftab Ahmad, Minister In-charge, Cabinet Secretariat

Sheikh Aftab Ahmad (Minister In-charge Cabinet Secretariat): Sir, I beg to lay before the Senate the Annual Report of the National Economic Council for the Financial Year 2014-15, as required under clause (5) of Article 156 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan.

Mr. Chairman: Yes, the Report stands laid.

ممبران کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کل یہ رپورٹ Orders of the Day پر ہو گی for discussion اور اس کے بعد Annual Report of the Council of

Common Interests, 2013-2014 and 2014-2015 لگے گی۔ پھر اس کے بعد 3rd quarterly Report for Financial Year 2015-16 of the وہ لگے گی اور Central Board of the State Bank of Pakistan, Annual Report of the National Commission on the Status And second bi- Annual لگے گی of Women for the year 2014. Monitoring Report on the Implementation of the National Finance Commission Award January-June, 2016. لگے گی۔ یہ ممبران کی اطلاع کے لئے تھا۔

We now move on to Order No.9. Order No.9 is a Calling Attention Notice which is in the name of Senator Mohsin Aziz.

Calling Attention Notice moved by Senator Mohsin Aziz regarding the dilapidated Condition of Bacha Khan International Airport, Peshawar

سینیٹر محسن عزیز: جناب! شکریہ۔ باچا خان انٹرنیشنل ایئرپورٹ جس شہر میں واقع ہے اس کا نام پشاور ہے اور وہ خیبر پختون خوا کا capital ہے۔ یہ خیبر پختون خوا میں واحد انٹرنیشنل ایئرپورٹ ہے۔ ویسے تو پاکستان میں total 13 International Airports ہیں جن میں ایک Capital میں ہے، ایک خیبر پختون خوا میں ہے اور ماشاءاللہ سات پنجاب میں ہیں۔

جناب چیئرمین! 1927 میں یعنی پاکستان بننے سے بھی بیس سال پہلے اس کو establish کیا گیا تھا اور اس کو establish کرنے کی ضرورت اس لیے پڑی تھی اور یہ سمجھا گیا تھا کہ یہ gateway to east ہے اور اس کا نام بھی gateway to east رکھا گیا تھا، اس زمانے میں اس کا nickname یہ تھا۔ کیونکہ یہ اس وقت بھی چائنا، ملائیشا اور سنگاپور کی flights کو cater کرتا تھا اور مغرب کی طرف وہ یورپ کو اور افریقہ کی طرف بھی یہ ایئرپورٹ cater کرتا تھا۔ یہ آپ کو معلوم ہے کہ پشاور وہ شہر تھا جو کہ سلک روٹ کی وجہ سے بھی جانا جاتا تھا، تاشقند اور بخارا کی trade یہاں سے ہوا کرتی تھی۔ کراچی ایئرپورٹ بھی اس کے بعد بنا، لاہور ایئرپورٹ کو تو پاکستان بننے کے بھی کافی مدت کے بعد establish کیا گیا۔

جناب! یہ ایئرپورٹ اس شہر میں واقع ہے، War on Terror کو آپ تین دہائیوں سے دیکھ رہے ہیں کہ پہلے USSR نے جب invasion کی تو اس وقت بھی اس شہر نے ایک صوبے کے forefront شہر کے طور پر ایک ,shield ایک ڈھال provide کی۔ سب سے زیادہ یہاں پر human casualty اس شہر نے دی، اس شہر کا infrastructure برباد ہو کر رہ گیا۔ یہ پھولوں کا شہر تھا، ایک زمانے میں پھولوں کے شہر کے طور پر اس کو جانا جاتا تھا جو کہ برباد ہو کر رہ گیا۔

جناب چیئرمین! میں ایک بار Emirates کی flight پر سفر کر رہا تھا، چونکہ وہاں پر سامان بھی نہیں آ رہا تھا، flight late ہو رہی تھی، جہاز بھی ٹھیک تھا تو Airhostess نے مجھ سے کہا کہ

don't you feel that Airport is different from all the other Airports in the country and it seems to be quite neglected. So, I said, yes, you are right because we know how to perform our duties and we have been asked to perform our duties but when it comes to our rights, we are always dumped.

جناب! بات یہ ہے کہ اس ایئرپورٹ پر آج بھی international and domestic تقریباً 35 سے 40 flights daily آتی ہیں اور تقریباً 1.4 million لوگ سالانہ اس ایئرپورٹ سے سفر کرتے ہیں۔ اس کے status کا بھی یہاں پر بتا دوں کہ پشاور ایئرپورٹ اسلام آباد ایئرپورٹ سے double مسافروں اور flights کو cater کر رہا ہے۔ اس ایئرپورٹ پر اور بھی potential موجود ہے لیکن اگر دیکھا جائے تو آج سے دو تین سال پہلے ہی یہاں پشاور سے لاہور کے لیے دو flights چلا کرتی تھیں، پھر، پشاور سے کراچی کے لیے دو flights چلا کرتی تھیں۔ لاہور کی flights بالکل بند کر دی گئیں، اگر کراچی سے پشاور سفر کرنا ہو تو صبح پانچ بجے کی flight ملے گی، اس کا مطلب یہ ہے آپ صبح تین بجے ایئرپورٹ پر حاضر ہو جائیں، پوری رات گزار کر آپ پشاور پہنچ سکتے ہیں، اس کے علاوہ کوئی اور راستہ نہیں ہے۔ اس کے potential کو بھی ختم کر دیا گیا ہے۔ اس ایئرپورٹ کے متعلق پہلے بھی ہم نے اس ایوان میں گفتگو کی تھی اور اس پر questions بھی raise کیے گئے تھے، ان کے جوابات بھی آئے لیکن جیسے ہمیشہ ہوتا رہا ہے کہ سوال گندم، جواب

جَو۔اس طریقے سے ٹرخا دیا گیااور کوئی مثبت جواب نہیں آیا،یہ بھی کہہ دیا گیا تھا کہ 2016 میں اس کی renovation and completion ہو جائے گی کیونکہ 2016 میں بھی ہم دیکھتے رہے اور کچھ نہیں ہوا۔ وہاں پر تحریک انصاف کی حکومت ہو، مسلم لیگ (ن) کی حکومت ہو، پیپلز پارٹی کی حکومت ہو اس سے تو کسی کو غرض نہیں ہونا چاہیے، عوام تو پاکستان کے ہیں، پاکستان کے عوام کی خدمت کس طریقے سے کی جارہی ہے کہ یہ ایئرپورٹ دن بدن خراب سے خراب تر ہوتا جارہا ہے۔اے این پی کی حکومت نے، جسے ہم 'تُرہ' کہتے ہیں وہ ضرور کیا کہ انہوں نے ایک خدائی خدمت گار باچا خان صاحب کے نام پر اس ایئرپورٹ کا نام رکھا، ایک خدائی خوار جگہ پر اتنے اچھے آدمی کا، خدائی خدمت گار کا نام رکھ دیا گیا، میں تو سمجھتا ہوں کہ یہ نام رکھنا ہی نہیں چاہیے تھا اور اگر نام رکھتے تو اس کے لیے کوشش کی جاتی کہ اس ایئرپورٹ کو develop کیا جائے۔

جناب! بات یہ ہے کہ this Airport has been declared the third worst Airport in South Asia, even worse than Kabul, اس سے زیادہ خراب جو Airports ہیں وہ نیپال اور ازبکستان میں ہیں۔ This has been declared third worst Airport اور international agencies سے کہا جارہا ہے کہ this is not even at par with a good managed bus terminal. میں سمجھتا ہوں کہ اس سے اچھا Daewoo bus and Bilal bus کی terminals پر مسافر زیادہ عزت سے جاسکتے ہیں اور زیادہ عزت سے سامان نکل سکتا ہے اور آسکتا ہے۔

اس لیے میں سمجھتا ہوں کہ یہاں پر جب حکومت کے ساتھ بات کی جاتی ہے تو آج بھی اگر اس پر ہمیں مثبت جواب نہ ملے تو میرے بھائی دائیں یا بائیں بیٹھے ہیں، ان سب سے گزارش کروں گا اور خاص طور پر پختونخوا کے بھائیوں سے گزارش کروں گا کہ اس پر یکجا ہو جائیں اور اس single international Airport کے لیے مل جل کر کام کریں کیونکہ یہ نہ صرف ایک deprivation ہے بلکہ ملک کے ایک صوبے کی ساکھ کو خراب کررہے ہیں۔اس پر جب بھی آدمی جاتا ہے تو دل آزاری بھی ضرور ہوتی ہے کہ اس ایئرپورٹ سے لاہور، کراچی and for that

matter even the Airports of Multan and Faisalabad کئی گنا زیادہ بہتر ہیں۔

جناب! میں گزارش کروں گا کہ اگر آپ مناسب سمجھیں اس کے لیے ایک کمیٹی بھی form کریں کہ جا کر اس کی condition دیکھے۔ اگر ایک flight delay ہو جائے اور دوسری flight آ جائے تو مسافر سردی، دھوپ اور بارش میں باہر قطاروں میں کھڑے ہوتے ہیں۔ وہاں پر جگہ موجود ہے، ایک separate terminal بھی بن سکتا ہے لیکن اگر خواہش ہو اور دل ہو کہ پشاور ایئرپورٹ کو بھی بہتر بنانا چاہیے، ہو سکتا ہے اور بن سکتا ہے۔ جہاں پر Airports بنتے ہیں ان کی renovation پر اتنا خرچہ ہوتا ہے جس رقم سے ہمارا ایئرپورٹ ٹھیک ہو سکتا ہے لیکن اس پر توجہ نہیں دی جا رہی ہے جو کہ میں سمجھتا ہوں کہ ایک صوبے کے ساتھ اور اس کے عوام کے ساتھ بہت بڑی زیادتی ہو رہی ہے۔ شکریہ جناب۔

جناب چیئرمین: الیاس بلور صاحب، آپ تشریف رکھیں۔ جی منسٹر انچارج۔ Mind your language, please. جی۔

Sheikh Aftab Ahmed, Minister for Parliamentary Affairs

شیخ آفتاب احمد (وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور): جناب چیئرمین! جو Calling Attention Notice باچا خان ایئرپورٹ پشاور کے بارے میں move کیا گیا ہے یقیناً اس میں بہت سی باتیں بالکل درست ہیں۔ کچھ عرصہ پہلے جب ایک Calling Attention Notice آیا تھا تو اس کے بعد Civil Aviation نے فوری طور پر عمل درآمد شروع کیا اور بہت سی جگہوں کو repair کیا گیا۔ ہم اس پر تقریباً 157 million روپے خرچ کر چکے ہیں۔ اس کو مزید بہتر بنانے کے لیے جن difficulties کا یہاں پر ذکر کیا گیا ہے کہ وہاں پر capacity کم ہے، ایئر کنڈیشن کا نظام درست نہیں ہے، ہال چھوٹے ہیں، ان کے لیے 3 billion کی رقم مختص کی گئی، اس رقم سے وہاں پر special repair کا کام شروع کر دیا گیا ہے اور بڑی تیزی سے کام کیا جا رہا ہے تاکہ یہ ایئرپورٹ جو 1927 میں بنا تھا اور پاکستان کے International Airports میں سے ایک ایئرپورٹ ہے اس کی حالت زار کو بہتر بنانے کے لیے 3 billion مزید خرچ کیا جا رہا ہے۔

جناب!تقریباً574ایکڑز مین اس ایئرپورٹ کے لیے ہے، یہ پشاور کی central place ہے ،اس زمین میں سے صرف 27 ایکڑ Civil Aviation کے پاس ہے جہاں پر runway ہے، باقی تمام زمین آرمی کے پاس ہے اور وہی اس کو استعمال میں لاتے ہیں۔یہاں پر جو تجویز دی گئی کہ ایک سپیشل کمیٹی بنائی جائے، میں اس سے agree کرتا ہوں کہ سپیشل کمیٹی بنائی جائے اور جس دن کمیٹی نے جانا ہوا، Secretary Civil Aviation کو، D.G Civil Aviation کو لے کر ہم جانے کے لیے تیار ہیں، میں خود ساتھ جانے کے لیے تیار ہوں۔

جب یہ مسئلہ پہلے اٹھایا گیا تو میں نے اس پر بڑا serious view لیا تھا اور باقاعدہ اس کی quotation لی گئی، ٹینڈر لیے گئے تمام کی کاپیاں مجھے بھیجی گئیں، اس میں مجھے بتایا گیا کہ 157 million روپے خرچ کر کے اب تین billion سے وہاں پر کام شروع ہو چکا ہے۔2017 کی پہلی سہ ماہی میں یہ کام مکمل کر دیا جائے گا لیکن میں اس بات سے agree کرتا ہوں کہ اگر آپ سپیشل کمیٹی تشکیل دے دیں تاکہ موقع پر جا کر DG and Secretary Civil Aviation کی موجودگی میں ہم دیکھ سکیں کہ یہ معاملات کس حد تک بہتر ہوئے ہیں جو کہ ہمیں رپورٹ دی جا رہی ہے۔

Mr. Chairman: Let a special committee be made, all the members belonging to the Province of Khyber Pakhtunkhwa will be members of that special committee. Let a motion be drafted accordingly and brought on the Orders of the Day. The TORs of the committee are to examine the condition and the expansion work if any that has been undertaken with reference to the airport at Peshawar. Thanks the Minister because he supported your motion.

(اس مرحلے پر اپوزیشن ایوان میں واپس آئی)

Mr. Chairman: Secretary Senate has to make an announcement.

Announcement made by Secretary Senate

جناب سیکرٹری سینیٹ (جناب امجد پرویز): سینیٹ کے قاعدہ (b) 131 کے تحت میں ایوان کے ممبران کو یہ رپورٹ کر رہا ہوں کہ قومی اسمبلی سیکرٹریٹ سے دو پیغامات موصول ہوئے ہیں

جن کے ذریعے بتایا گیا ہے کہ قومی اسمبلی نے سینیٹ سے پاس کردہ دو بل نوے دن کی مقررہ مدت میں پاس نہیں کئے۔ پہلا بل 'The Unattended Orphans Rehabilitation and Welfare Bill 2016' ہے۔ دوسرا بل 'The Torture Custodial Death and Custodial Rape Prevention and Punishment Bill 2015' ہے اس سلسلے میں ممبران کو تحریری طور پر بھی مطلع کیا جا رہا ہے۔

The second announcement is about the public petitions

گزشتہ اجلاس سے لے کر حالیہ اجلاس کے دوران کل سترہ public petitions موصول ہوئی ہیں جن میں سے دو public petitions متعلقہ سٹینڈنگ کمیٹی کو بھیج دی گئی ہیں۔ گیارہ public petitions un admissible قرار پائی ہیں۔ شکریہ۔

Observation of Mr. Chairman on the non-passage of Bill within stipulated time

جناب چیئرمین: راجہ صاحب دیکھیں یہ جو unattended orphans کا بل تھا یہ innocuous bill تھا اور آپ کو یاد ہے کہ اس پر کتنی بحث ہوئی تھی کہ ان بچوں کو ولدیت دینے کے لیے، یہ ہاؤس بزنس کمیٹی میں ہوا، تمام پارلیمانی لیڈرز بشمول آپ کے اور اعتزاز صاحب کے اس پر دستخط ہوئے، آپ نے move کیا اور یہاں سے unanimously پاس ہو کر گیا ہے۔ اب ہر بل جو سینیٹ پاس کرتی ہے وہ نیشنل اسمبلی throws it into dustbin یہ تو بچوں کے فائدے کا بل تھا، across party line یہ بل پاس ہوا تھا۔ آپ ذرا Law Minister سے کہیں کہ جو ایسے across party line بل ہوں ان کو simply, because وہ سینیٹ میں پاس ہوئے ہیں، ان کو take up نہ کیا جائے، مناسب نہیں ہے، پلیز آپ Law Minister سے بات کیجیئے گا۔ جی عتیق صاحب۔

Point of Public Important Raised by Senator Mian Muhammad Ateeq Shaikh regardings Adultration in Petrol

سینیٹر میاں محمد عتیق شیخ: جناب والا! میں صرف ایک دو منٹ میں ہاؤس کی توجہ حالیہ جو مسئلہ بن رہا ہے اس کی طرف دلانا چاہوں گا اور پھر آپ جو مناسب سمجھیں وہ کہہ سکتے ہیں

ruling دے سکتے ہیں۔ جناب والا! چند دنوں سے پورے ملک میں یہ معاملہ چل رہا ہے لیکن بہت زیادہ اسلام آباد میں یہ چیز سامنے آ رہی ہے اور ابھی reported بھی ہوا، مختلف اخبارات میں بھی آیا اور ٹی وی پر بھی ایک رپورٹ چلائی گئی جس کے مطابق ہمارے اسلام آباد میں بہت سے پٹرول پمپ مالکان adulteration کر رہے ہیں، ملاوٹ کر رہے ہیں اور اس ملاوٹ کا نقصان یہ ہے کہ گاڑیاں بہت زیادہ خراب ہو رہی ہیں اور ساتھ ساتھ ماحول بھی بہت زیادہ خراب ہو رہا ہے۔ جناب والا! میں گزارش کروں گا کہ اسلام آباد اور بالخصوص ICT میں اگر حکومت مناسب سمجھیں اور آپ بھی direct کریں کہ ایک مہم چلائی جائے خاص طور پر اس طرح کے جو پٹرول پمپس ہیں جو ملاوٹ کرتے ہیں ان کا سدباب کیا جائے۔ یہ اسلام آباد کے رہنے والوں کا مسئلہ ہے، یہ میرا اور آپ کا ہم سب کا مسئلہ ہے اب آپ جیسے مناسب سمجھیں۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: جی شکریہ، کاکڑ صاحب۔

Point of Public Importance raised by Senator Muhammad Usman Khan Kakar on FATA Reforms

سینیٹر محمد عثمان خان کاکڑ: جناب چیئرمین! مہربانی، میں دو موضوعات پر بات کرنا چاہتا ہوں۔ ایک ہم لوگوں نے Advisory Committee FATA reforms کے حوالے سے بھی فیصلہ کیا۔ جناب والا! ایسا نہ ہو کہ مرکزی حکومت اعلان نہ کر دے کیونکہ فاٹا کے نمائندوں کی تجاویز بھی آئیں گی، یہاں پر سینیٹ کی بھی، نیشنل اسمبلی کی تجاویز بھی آئیں گی۔ ہم یہ چاہتے ہیں کہ حکومت جلد بازی نہ کرے جب تک پارلیمنٹ کی، پارٹیوں کی آرا آ جائے پھر اس کے بعد اس کو کیبنٹ میں لے جائیں۔ پہلے بھی یہ لوگ کیبنٹ میں لے گئے تھے جو سراسر غلط بات ان لوگوں نے کی تھی۔ پارلیمنٹ میں، سینیٹ میں Whole Committee میں بحث ہو رہی ہے، منسٹر صاحب اس کو کیبنٹ میں لے گئے ہیں۔ میری معلومات کے مطابق یہ لوگ جلد از جلد اس کو کیبنٹ میں لے جانا چاہتے ہیں جو سراسر پارلیمنٹ کی توہین ہے۔ پارلیمنٹ کی رائے بھی آنی چاہیے، فاٹا کے ممبران کی رائے بہت ضروری ہے۔ ایک مسئلہ تو یہ تھا اس کا بھی نوٹس لینا چاہیے۔

دوسری بات یہ ہے کہ ہم جب بھی یہاں پر سوالات کرتے ہیں تو واپڈا والے بھی یہ کہتے ہیں اور گیس کمپنی والے بھی یہ کہتے ہیں کہ بلوچستان میں چوری ہو رہی ہے۔

جناب چیئرمین: وہ تو refer ہو گیا۔ وہاں پر بات کر لیں۔

سینیٹر محمد عثمان خان کاکڑ: میں عرض کر رہا ہوں۔ یہ میڈیا میں آگیا ہے، سارے لوگوں میں آگیا ہے کہ وہاں پر 87% چوری ہو رہی ہے۔ یہ چوری متعلقہ ادارے کر رہے ہیں، اس کے اہلکار کر رہے ہیں۔ یہ تاثر غلط ہے اس کو جواب دینا چاہیے کہ پریشر کم ہے، پریشر دیں گے۔ ہر دفعہ ہمارے صوبے کے بارے میں یہ لوگ غلط بیانی کر رہے ہیں۔

جناب چیئرمین: میں نے اسی لیے اس کو refer کر دیا۔ سردار صاحب۔

Point of Public Importance raised by Senator Mohammad Azam Khan Swati regarding deforestation in Balochistan due to lack of resources

سینیٹر سردار محمد اعظم خان موسیٰ خیل: شکریہ جناب چیئرمین! میں تو جنگلات کے حوالے سے کہوں گا کہ زمین کا ایک تہائی حصہ جنگلات پر مشتمل ہے۔ ڈیڑھ ارب کے قریب لوگوں کا انحصار صرف جنگلات پر ہے۔ دنیا کے مختلف حصوں میں مختلف قسم کے جنگلات پائے جاتے ہیں جو چرند پرند، کیڑے مکوڑوں کا مسکن ہیں۔ یہ جنگلات لوگوں کو گھر، روزگار اور قدرتی آفات سے محفوظ رکھتے ہیں۔ موسمیاتی تبدیلیوں میں درختوں کا اہم کردار رہا ہے۔ یہ ہوا میں آکسیجن اور کاربن ڈائی اکسائیڈ کا توازن برقرار رکھتے ہیں۔ یہ ایک ایسا water shade فراہم کرتے ہیں جو دنیا کا پچھتر فیصد صاف پانی مہیا کرتا ہے۔ جہاں جنگلات ہمیں بلاقیمت معاشی، معاشرتی، ماحولیاتی اور صحت مند فائدے دے رہے ہیں وہاں اس کے بدلے ہم اسے بے دردی سے کاٹ رہے ہیں۔ دنیا میں سالانہ تیرہ لاکھ ایکٹر رقبہ پر مشتمل درختوں کی کٹائی ہو رہی ہے۔ اگر یہ کٹائی اسی رفتار سے جاری رہی تو اس کے نتیجے میں دنیا کا درجہ حرارت بڑھ جائے گا۔

جناب والا! جہاں تک صوبہ بلوچستان کا تعلق ہے، صوبہ بلوچستان میں یہ صورت حال اور بھی گھمبیر ہے۔ صدیوں پہلے بلوچستان کا وسیع علاقہ قدرتی جنگلات پر مشتمل تھا، جس کی سب سے بڑی مثال زیارت کا صنوبر کا جنگل ہے۔ چلتن سے قومی جانور مارخور آج سے تیس سال پہلے ختم ہونے کو تھا لیکن محکمہ جنگلات نے اس کی حفاظت کر کے قومی ورثہ کو بچایا جس کی تعداد اب ایک ڈیڑھ ہزار کے قریب ہے۔ اسی طرح ہنگو نیشنل پارک اور قلعہ سیف اللہ میں بھی جانوروں کی حفاظت کے لیے بہترین انتظامات کئے گئے ہیں۔ لسبیلہ میں جنگل بنایا جا سکتا ہے جس سے ڈیزل نکالا جا سکتا ہے لیکن وسائل نہ ہونے کی وجہ سے کام نہیں ہو سکے۔ میری بنیادی غرض و غایت ہے کہ صوبے میں اتنے وسائل نہیں ہیں، وسائل کے

حوالے سے میں نے یہ بات public interest میں لائی ہے کہ وہاں پر وسائل نہیں ہیں اور وسائل نہ ہونے کی وجہ سے ہم اس نعمت سے محروم ہیں۔ نصیر آباد، سبی اور جعفر آباد میں بھی بہترین جنگلات ہیں جن سے furniture اور روزمرہ کی ضروریات پوری کی جاتی ہیں۔ ژوب میں چلغوزے کے جنگلات ہیں۔ موسیٰ خیل اور بارکھان زیتون کے جنگلات کے مراکز ہیں۔ مسلم باغ میں بھی خوبصورت جنگلات واقع ہیں۔ کہنے کا مقصد اور مدعا یہ ہے جناب چیئرمین! کہ ہمارا صوبہ ایک غریب صوبہ ہے اور اس کا رقبہ بھی زیادہ ہے اور ہم اس غربت کی وجہ سے اپنے جنگلات کو تحفظ نہیں دے سکتے۔ گزارش یہ ہے کہ donor agencies کے حوالے سے اور وفاق کے حوالے سے ہمیں کوئی مدد مل جائے۔

جناب چیئرمین: بڑی مہربانی۔ ستارہ ایاز صاحبہ۔

Point of Public Importance raised by Senator Sitara Ayaz regarding use of paisa currency in price fixation of petroleum and other commodities

سینیٹر ستارہ ایاز: شکریہ جناب چیئرمین۔ جناب چیئرمین! اس وقت ہمارے ملک میں کرنسی میں ایک روپے کا coin ہے، دو روپے کا سکہ ہے، پانچ روپے کا سکہ اور دس روپے کا سکہ۔ پہلے ہمارے دس پیسے، پچیس پیسے، پچاس پیسے کے سکے ہوتے تھے جو اس وقت exist نہیں کر رہے ہیں یا وہ اس وقت circulation میں نہیں ہیں لیکن جس وقت حکومت کی طرف سے قیمتوں کا تعین کیا جاتا ہے مختلف چیزوں کی تو ہم کہتے ہیں کہ ایک روپے پچاس پیسے قیمت بڑھ گئی یا ایک روپے پچیس پیسے قیمت کم ہو گئی لیکن جب ایک چیز circulation میں ہے ہی نہیں تو کس طرح حکومت کی طرف سے یا کسی اتھارٹی کی طرف سے اعلان کیا جاتا ہے۔ جیسا کہ جب پیٹرولیم کی قیمت میں ردوبدل ہوتا ہے تو وہ بھی پیسوں میں آتا ہے۔ جب پیسا exist نہیں کر رہا ہے تو یہ قیمتوں کا تعین کس طرح کیا جاتا ہے؟ اور اگر ایسا کیا جاتا ہے تو وہ پیسا کس کی جیب میں جا رہا ہے۔ I tried اکہ میں اس کو کسی طرح agenda پر لے کر آؤں but then I thought that it is a public importance matter اس لیے اس کو میں یہاں پر بولوں تاکہ بعد میں کبھی اس پر بات ہو سکے۔

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے۔ شکریہ۔ جی مندوخیل صاحب۔

Point of Public Importance raised by Senator Saeedul Hassan Mandokhail regarding provision of 500 MW transmission line in Balochistan

سینیٹر سعید الحسن مندوخیل: شکریہ جناب چیئرمین۔یہاں اب CPEC میں اور ویسے بھی موجودہ حکومت نے کہا ہے کہ جی ہم ملک میں power crisis پر 2017 or 2018 or elections سے پہلے قابو پالیں گے لیکن ایک سوال میری سمجھ میں نہیں آرہا ہے کہ ٹھیک ہے کہ وہ دس ہزار بڑھادیتے ہیں، پندرہ ہزار بڑھادیتے ہیں، جتنی بھی بجلی زیادہ ہو جائے لیکن سوال یہ ہے کہ ایک تو رقبے کے لحاظ سے یہ ملک کا سب سے بڑا صوبہ ہے،۔۔۔

جناب چیئرمین: یہ کس کا فون بج رہا ہے؟ I will confiscate it.

سینیٹر سعید الحسن مندوخیل: جناب والا! .Sorry میں کہہ رہا تھا کہ بجلی جتنی بھی بڑھ جائے گی ہمارے صوبے یعنی بلوچستان کو وہ بجلی نہیں مل سکے گی کیونکہ ہمارے پورے صوبے میں صرف سترہ کلو میٹر کی پاور لائن ہے۔ وہ بھی حب سے کراچی جانے کے لیے تاکہ ہمارے صوبے کی طرف نہ آئے۔اب اگر بلوچستان کو بجلی مل بھی جاتی ہے تو بلوچستان کی transmission line اس قابل نہیں ہے کہ جو 500MW کی بجلی آرہی ہے اس کو ہم تک پہنچا سکے۔ میرے خیال میں وہ بجلی 132 KV والی ہے۔ لہٰذا جتنی بھی بجلی یہاں پر آجائے، جب تک ہمارے لیے 500 MW کی transmission line بچھائی نہیں جاتی اس وقت تک ہمیں یعنی بلوچستان کو بجلی نہیں مل سکے گی۔ ورنہ جس طرح بلوچستان کو گیس نہیں ملی اور دوسری چیزیں نہیں ملیں 50 ,50 سال تک، میرے خیال میں بجلی کی بھی وہی position ہو گی۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ نہال ہاشمی صاحب۔

Point of Public Importance raised by Senator Nehal Hashmi regarding ads containing foreign contents and models on television

سینیٹر نہال ہاشمی: شکریہ جناب چیئرمین۔ جناب چیئرمین! Article 19 کے تحت right of information ضرور ہے لیکن Article 37(g) میں یہ لکھا ہوا ہے کہ اشتہار کا پیمانہ کیا ہونا چاہیے یا اشتہار کس طرح ہونے چاہییں۔ ہم سب لوگ روزانہ دیکھتے ہیں کہ ہمارے

television پر جو اشتہارات آتے ہیں، ان میں دو، تین چیزیں ہیں، ایک تو اس میں Indian models آتے ہیں، male and female both اور دوسرا جو ان کی زبان ہے وہ بھی ہندوستانی زبان ہوتی ہے۔ دوسری طرف جناب چیئرمین! ہمارے ملک میں بھی اشتہار کا ایک شعبہ ہے جو لڑکے اور لڑکیاں Mass Communications میں پڑھ کر اور ڈگری لے کر آتے ہیں۔ اس سے ہمارا production house almost بند ہوتا جا رہا ہے۔ کئی ایسے نشریاتی ادارے ہیں جو ترجیح دیتے ہیں foreign contents and models کو۔ دوسری طرف ہمارے کچھ معاشرتی barometers ہیں اور کچھ ہماری اسلامی اقدار ہیں۔ لہٰذا میں سمجھتا ہوں کہ ایوان کو چاہیے کہ اس معاملے کو serious لے۔ کئی مرتبہ ہم خود اپنی family کے ساتھ بیٹھ کر وہ اشتہارات نہیں دیکھ سکتے جہاں پر ان models کو ہر جگہ یعنی washrooms and bathrooms تک پہنچا دیتے ہیں اور وہ ہمارے کمروں میں آ کر جھانک رہے ہوتے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس پر خاص توجہ دینی چاہیے۔ بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ جی محسن عزیز صاحب۔

Point of Public Importance raised by Senator Mohsin Aziz regarding the threat of becoming a Chinese colony in the garb of CPEC

سینیٹر محسن عزیز: جناب والا! میں گزارش کرنا چاہ رہا تھا کہ ہمیں دیکھنا ہے کہ اس ملک میں چونکہ population growth control نہیں ہو رہی، یہ ایک علیٰحدہ subject ہے اس کو دیکھنا چاہیے، جانفشانی سے اس کو دیکھا جائے لیکن employment کا بندوبست کرنا ہے۔ اب یہ جو employment ہے یہ یا تو زراعت سے آ سکتی ہے یا انڈسٹری سے آ سکتی ہے۔ یہ سنگاپور کی طرح نہیں ہے جہاں پر population کی sort of negative growth ہے۔ ان جیسے ممالک میں trading کو رجحان دیا جاتا ہے۔ یہاں اب یہ دیکھا جا رہا ہے اور اس کو observe کرنے کی بڑی شدت سے اشد ضرورت ہے کہ یہ ملک اب trading hub بنتا جا رہا ہے۔ ابھی آپ دیکھیں کہ جو Chines products ہیں، Chines اب خود یہاں آ کر دکانیں کھول رہیں اور وہاں سے not semi-finished, finished products کو یہاں پر لا کر بیچ رہے ہیں۔ ابھی میں آپ کو ایک مثال دیتا ہوں کہ کراچی میں جو ٹمبر مارکیٹ ہے جس میں سارا پاکستان کا میٹریل چلتا ہے،

چپ بورڈ ہے، پلائی وڈ ہے اس طرح چیزیں ہیں، finished and unfinished doors وغیرہ وغیرہ ہیں اس میں بہت بڑی ایک دکان کھول دی گئی ہے اور اس کے لیے ایک گودام پندرہ ایکڑ پر لیا گیا ہے جہاں پر foreign goods, specially Chines goods, chines خود یہاں پر آکر trading کر رہے ہیں۔ ہمارے ملک میں یہ ایک خطرناک قسم کا رجحان پیدا ہو رہا ہے جو کہ ہم CPEC کی بات تو ضرور کرتے ہیں اور CPEC کی بات کرنی بھی چاہیے لیکن اگر اس طریقے کے معاملات ہوئے کہ کراچی سے بھی آنا شروع ہو جائے۔ اس طرف سے بھی یہ products آنی شروع ہو جائے تو we will be totally colonized by the Chinese and this will not be good for this country. انڈسٹری کو ہم promote کریں، انڈسٹری میں ہم employment create کریں، انڈسٹری میں ہم investment کو فروغ دیں تو تب جا کر اس ملک کا کچھ بنے گا ورنہ اگر trading hub بن گیا تو that will be too brutal for this country.

جناب چیئرمین: شکریہ۔ جی جمالدینی صاحب۔

Point of Public Importance raised by Senator Dr. Jehanzeb Jamaldini regarding registration of 57% of Baloch people

سینیٹر ڈاکٹر جہانزیب جمالدینی: شکریہ جناب چیئرمین!۔ جناب والا! آرٹیکل ایک سے لیے کر 29 تک basic rights کی تمام چیزوں کی تشریح کی گئی ہے۔ 18th Amendment کے بعد کچھ مزید چیزیں ہمیں ملی ہیں through Constitution اب یہاں پر ہماری calculation کے مطابق اور نادرا کی calculation کے مطابق بلوچستان میں 43% لوگوں کی رجسٹریشن ہے، بلوچ لوگوں کی رجسٹریشن ہے۔ 57% رجسٹریشن ہے ہی نہیں اب situation کچھ اس طرح کی بن رہی ہے کہ اس کی basic وجوہات بلوچستان میں insurgency internal IDPs جو مری بگٹی، آواران سے دیگر علاقوں میں جا چکے ہیں، اسی context سے مستونگ اور کچھ کے کچھ علاقے کے لوگ بھی migrate کر چکے ہیں۔ Both way ان کو خطرات تھے، insurgency کے ذریعے بھی اور گورنمنٹ کے ذریعے سے بھی۔ جناب والا! census ہونی چاہیے census کے بغیر delimitation نہیں ہو گی، الیکشن نہیں ہو گا، تمام چیزیں نہیں ہوں گی

یہ تمام چیزیں ہونا ضروری ہیں۔ جناب والا! رجسٹریشن اس وجہ سے بھی نہیں ہو رہی کہ علاقہ بہت بڑا ہے وہاں پر پہنچ کافی مشکل ہے۔ ہمارے پاس اتنے نادرا آفس اور دیگر موبائل سسٹم انہوں نے نہیں بنائے تاکہ تمام کی رجسٹریشن ہو سکے اور ب فارم بن سکیں۔ نہایت ہی زیادتی ہو گی، human rights violation ہو گی کہ ہمارے 57% لوگوں کی رجسٹریشن نہ ہو۔ میں آپ کے توسط سے اور ہاؤس کے توسط سے یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ کم از کم NADRA officials اسی short span of time میں، مہینے ڈیڑھ مہینے میں اس حد تک نادرا کے offices کھلوائیں یا پھر وہاں پر mobile units بھیجیں تاکہ لوگوں کی registration ہو اور ان کے basic rights محفوظ ہو سکیں۔

جناب چیئرمین: شکریہ، سینیٹر فرحت اللہ بابر صاحب۔

سینیٹر فرحت اللہ بابر: شکریہ، جناب چیئرمین! 7 جنوری کو Military Courts کے دو سال کا period مکمل ہو گیا۔ ہم سب کا خیال یہ تھا کہ sunset clause کے بعد تمام cases دوسری عدالتوں، Anti-terrorism Court (ATC) اور Protection of Pakistan Act (PoPA) کے تحت transfer ہو جائیں گے لیکن all of a sudden حکومت نے سیاسی جماعتوں کے ساتھ مشاورت شروع کر دی ہے۔

جناب چیئرمین: نہیں، cases تو transfer ہو گئے ہوں گے because the Military Courts do not exist.

Senator Farhatullah Babar: They do not exist but cases are still in limbo because the Government expects کہ سیاسی جماعتوں سے بات کر کے ان کی extension کی جائے۔ جناب چیئرمین! تمام سیاسی جماعتیں internally discuss کریں گی اور بات کریں گی، ہماری پارٹی بھی فیصلہ کرے گی۔ سیاسی جماعتوں نے internal discussion شروع نہیں کی، وہ ہو گی۔

(اس موقع پر ایوان میں اذان مغرب سنائی دی)

سینیٹر فرحت اللہ بابر: جناب چیئرمین! اب جب کہ حکومت تمام سیاسی جماعتوں کے ساتھ یہ مشاورت کر رہی ہے I would like to place before them three things, وہ ذہن میں رکھ لیں اور حکومت کے پاس اب بھی time ہے کہ وہ اس مشاورت کو ختم کر کے تمام Military Courts کو revive کرنے کی کوشش نہ کریں۔ پہلے تو یہ دیکھ لیں کہ جس

مقصد کے لیے Military Courts بنائی گئی تھیں کیا وہ مقصد achieve ہوا یا نہیں؟ مقصد یہ تھا کہ jet black terrorists, ذرا study کر لیں out of 161 people جن کو death penalty دی گئی ان میں کتنے jet-black terrorists تھے اور کتنے نہیں تھے۔ دوسری میری ان سے گزارش یہ بھی ہو گی کہ وہ یہ بھی دیکھ لیں کہ 2011 میں لاپتا افراد، وہ لاپتا افراد جو سوات اور مالاکنڈ اور Tribal Area سے لاپتا ہوئے تھے ان کو باہر لانے کے لیے 2011 میں ایک قانون بنا تھا اور وہ موثر با ماضی تھا 2008 سے، تاکہ وہ لوگ نکل کر باہر آ جائیں۔ ان لوگوں کو Internment Centres مالاکنڈ اور دوسرے Internment Centres میں رکھا گیا۔ جب Military Courts کے revival کی بات ہو تو اس پہلو پر غور کیا جائے کہ جن لوگوں کو پھانسی کی سزا announce کی گئی ہے ان میں کتنے وہ لوگ تھے جو کہ Internment Centre میں تھے، جو برآمد ہوئے، جو کہ پہلے لاپتا تھے۔ جو لاپتا تھے جن کے خلاف اس وقت کوئی مقدمہ نہیں تھا۔ ان لاپتا افراد میں سے جو Internment Centers میں تھے ان میں سے کتنوں کو death penalty ہوئی ہے۔ اس کے ساتھ ہی یہ بھی دیکھ لیں کہ مالاکنڈ کے Internment Center سے جو 35 افراد لاپتا ہو گئے تھے ان میں سے سپریم کورٹ کے حکم پر کہ ان کو produce کیا جائے صرف سات کو produce کیا گیا اور سپریم کورٹ نے اس بات پر تعجب کا اظہار کیا تھا کہ یہ باقی لوگ کہاں گئے اور اس میں کوئی پیش رفت نہیں ہوئی۔ ہماری تمام سیاسی جماعتیں بالخصوص حکومت اگر ان تمام پہلوؤں کو سامنے رکھے تو میں سمجھتا ہوں کہ حکومت خود ہی یہ اعلان کر دے گی کہ ہم نے Military Courts کو extension نہیں دینی۔ ان کا جو evidence کا طریقہ کار ہے، ان کا جو procedure کا طریقہ کار ہے، جناب چیئرمین! کسی بھی جمہوری حکومت میں، کسی بھی جمہوری معاشرے میں خواہ threat کتنا ہی بڑا کیوں نہ ہو the Military Courts are unjustified تو میری حکومت سے یہ گزارش ہے کہ وہ اس کو دیکھ لے کہ جو tweet کے ذریعے لوگوں کو پھانسی کا اعلان ہوا ہے اور پتا ہی نہیں ہوتا کہ جرائم کی نوعیت کیا تھی۔

I think we should now draw curtain on this.

Observation of the Chairman

جناب چیئرمین: سینیٹر فرحت اللہ بابر صاحب its contradiction in terms, ایک طرف تو ہم یہ کہہ رہے ہیں کہ operation against terrorism بڑا successful ہوا ہے۔ دو سال کے period میں اگر operation اور یقینی طور پر successful operation ہوا ہے then there is little justification to revive the sundown clause, پھر justification نہیں بنتی اگر ایک side پر terrorism کم ہو رہا ہے دوسری طرف ہم Military Courts کو دوبارہ revive کر رہے ہیں تو یہ contradiction in terms بن رہی ہے۔ بہر حال it's for the Government and the political parties to decide.

Announcement by the Chairman regarding meeting of the Committee of the Whole and Visit of the Chairman of the State Council of Oman

جناب چیئرمین: میں دو چھوٹے چھوٹے اعلان کر دوں پھر House کو adjourn کر دیتے ہیں۔ ایک تو یہ کہ کل صبح Committee of the Whole کی meeting گیارہ بجے ہے اور اس میں Student Unions کے بارے میں discussion ہے اور بالخصوص سپریم کورٹ کی جو judgment ہے اس کی روشنی میں ہم کیا اقدام اٹھا سکتے ہیں اس پر گفتگو ہو گی۔ دوسری بات میں آپ کو یہ اطلاع دینا چاہتا ہوں کہ the Chairman of the State Council of Oman has arrived in the city, I received him at 1:30 p.m, he is the guest of the Senate of Pakistan. Call آج بھی ان کا on ہے پھر کل بھی ان کے call on ہیں۔ کل Committee of the Whole کے بعد Leader of the Opposition کی طرف سے کھانا ہے جس میں تمام members invited ہیں in honour of the Chairman of the State Council of Oman. رات کو میری طرف سے کھانا ہے you all are reminded of that پرسوں Leader of the House کا ان کے اعزاز میں کھانا ہے so you are reminded of that so I wanted you to be aware of the fact. پرسوں وہ House میں بھی آئیں گے ان کے ساتھ 8 member delegation ہے اس میں سے

4 male members of the State Council and two female members of the State Council are in their delegation and they will be coming to the Senate Session day after, I want you to be aware of that. The House stands adjourned to meet again on Thursday, the 12th of January, 2017 at 3:00 p.m.

[The House was then adjourned to meet again on Thursday, the 12th January, 2017at 3:00 pm.]

Index

Chaudhry Nisar Ali Khan 3, 12, 19, 22, 27, 42, 47, 49, 62, 63, 64, 76
Khawaja Muhammad Asif 98
Khawaja Saad Rafique 53, 66
Lt. Gen (Retd.) Abdul Qadir Baloch 61, 71, 82, 83, 90
Mr. Shahid Khaqan Abbasi 108
Ms. Marriyum Aurangzeb 68, 78, 91
Senator Abdul Rehman Malik 96, 97
Senator Ahmed Hassan 22, 89, 90
Senator Brig. (R) John Kenneth Williams 104
Senator Chaudhary Tanvir Khan 19, 27
Senator Col (R) Syed Tahir Hussain Mashhadi 2, 36, 40, 42, 43, 62, 63
Senator Dr. Jehanzeb Jamaldini 65, 68
Senator Mian Muhammad Ateeq Shaikh 93, 110
Senator Mohammad Azam Khan Swati 47, 49, 61, 93, 94, 95, 102, 111
Senator Muhammad Saleh Shah 62, 82, 83
Senator Muhammad Talha Mehmood 52
Senator Muhammad Usman Khan Kakar 71, 75, 78
Senator Nehal Hashmi 11
Senator Nuzhat Sadiq 3, 82, 90
Senator Saleem Mandviwala 95
Sheikh Aftab Ahmad 120
جناب شاہد خاقان عباسی 107
جناب غلام مرتضیٰ خان جتوئی 119
جناب محمد بلیغ الرحمٰن 18, 20, 21, 22, 23, 24, 25, 26, 27, 35, 36, 37, 38, 44, 45, 46, 48, 50, 51
خواجہ سعد رفیق 38, 39, 40, 41, 57
خواجہ محمد آصف 99, 100
سینیٹر احمد حسن 22
سینیٹر الیاس احمد بلور 40, 102, 103
سینیٹر تاج حیدر 105
سینیٹر چوہدری تنویر خان 2, 20, 25, 26, 34
سینیٹر ڈاکٹر جہانزیب جمالدینی 17, 23, 37, 45, 112, 132
سینیٹر راجہ محمد ظفرالحق 41
سینیٹر روبینہ خالد 117
سینیٹر ستارہ ایاز 129
سینیٹر سردار محمد اعظم خان موسیٰ خیل ..... 18, , 36, 45, 115, 128
سینیٹر سعید الحسن مندوخیل 130
سینیٹر عبدالرحمٰن ملک 52

سینیٹر فرحت اللہ بابر 100, 101, 133
سینیٹر کرنل (ر) سید طاہر حسین مشہدی 21, 24
سینیٹر کریم احمد خواجہ 37, 38
سینیٹر کلثوم پروین 115
سینیٹر محسن عزیز 103, 121, 131
سینیٹر محمد اعظم خان سواتی 42, 48, 49, 50, 51, 94, 95, 102
سینیٹر محمد طلحہ محمود 52, 56
سینیٹر محمد عثمان خان کاکڑ 107, 113, 127, 128
سینیٹر محمد علی خان سیف 118
سینیٹر مولانا حافظ حمداللہ 116
سینیٹر میاں محمد عتیق شیخ 126
سینیٹر میر کبیر احمد محمد شہی 105, 114
سینیٹر نہال ہاشمی 11, 17, 130
سینیٹر احمد حسن 22
شیخ آفتاب احمد 124
لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) عبدالقادر بلوچ 104